تصنیفِ لطیف

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ

کشف الاَسرار

(اُردو ترجمہ مع فارسی متن)

فیضانِ نظر

سلطان العاشقین حضرت سخی

سلطان محمد نجیب الرحمٰن


مدظلہ الاقدس

مترجم

پروفیسر سلطان حافظ حماد الرحمٰن

سروری قادری

ایم۔ایس۔سی (باٹنی)



کشف الاسرار (اُردو ترجمہ مع فارسی متن)

تصنیفِ لطیف سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ


سلطان الفقر (زون) پبلی کیشنز

تصنیفِ لطیف

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ

کشف الاَسرار

(اُردو ترجمہ مع فارسی متن)



فیضانِ نظر

سلطان العاشقین حضرت سخی

سلطان محمد نجیب الرحمٰن

مدظلہ الاقدس

مترجم

پروفیسر سلطان حافظ حماد الرحمٰن

سروری قادری

ایم۔ایس۔سی (باٹنی)

© All Copy Rights reserved with translator and
SULTAN-UL-FAQR PUBLICATIONS (Regd.)
Lahore-Pakistan

نام کتاب **کشف الاَسرار** (اُردو ترجمہ مع فارسی متن)

تصنیفِ لطیف سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ

مترجم پروفیسر سلطان حافظ حماد الرحمٰن سروری قادری ایم۔ایس۔سی (باٹنی)

ناشر سُلطانُ الفقر پبلیکیشنز (رجسٹرڈ) لاہور

بارِاوّل نومبر 2014ء

بارِ دوم اپریل 2018ء

بارِ سوم فروری 2024ء

تعداد 500

ISBN: 978-969-2220-46-0

سُلطانُ الفقر پبلیکیشنز (رجسٹرڈ) لاہور

مسجدِ زہراؓ و خانقاہ سلطان العاشقین

رنگیل پور شریف براستہ سندراڈہ ملتان روڈ لاہور، پوسٹل کوڈ 53720

Ph: 042-35436600, 0322-4722766

www.sultan-ul-ashiqeen.com **www.sultan-bahoo.com**

www.sultan-ul-ashiqeen.pk **www.sultan-bahoo.pk**

www.sultan-ul-faqr-publications.com

Email:sultanulfaqrpublications@tehreekdawatefaqr.com

انتساب

اپنے مرشد پاک

سلطان العاشقین

حضرت سخی

سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس

کے نام

آپ نگاہِ کامل سے زنگ آلودہ قلوب کو

نورِ ایمان سے منور فرما رہے ہیں

www.sultan-ul-faqr-publications.com

پیش لفظ

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو وحدہٗ لاشریک ہے۔ جس نے اپنی پہچان ومعرفت کے لیے انسانوں کو تخلیق فرمایا۔ جس کی شان لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ ۚ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ہے۔ جس کا عرش مومنین کا قلب ہے۔ لامحدود درود وسلام ہوں رحمتہ اللعالمین، شفیع المذنبین، راحت العاشقین، مرادالمشتاقین، صاحبِ قاب قوسین، وَالضّحیٰ کے چہرے اور وَاللّیل کی زلفوں والے، صاحبِ مقامِ محمود، وجہِ تخلیقِ کائنات، وجہِ وجودِ کائنات، روحِ کائنات، اللہ کے مظہرِ اُتّم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی ذاتِ بابرکات پر کہ جن کے وجودِ اطہر کی بدولت اُمتِ محمدیہ کے لیے لقائے الٰہی کے دروازے کھول دیے گئے۔ لاکھوں کروڑوں درود وسلام ہوں آپ ﷺ کی آلِ اطہارؓ پر جو سفینۂ نوح کی مانند ہیں اور آپ ﷺ کے اصحابؓ پر جو راہِ فقر کے طالبوں کے لیے ستاروں کی مانند ہدایت کے چراغ ہیں۔

ایم۔ ایس۔ سی (باٹنی) کرنے کے بعد میرے دل میں فارسی سیکھنے کا شوق پیدا ہوا۔ سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کی غلامی اختیار کرنے کے کچھ عرصہ بعد آپ مدظلہ الاقدس نے مجھے ''سلطان الوھم'' تصنیفِ لطیف سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کا اردو ترجمہ کرنے کا حکم فرمایا اور اپنی نگاہِ فیض سے مجھے سلطان العارفین کی فارسی تعلیمات سے مالا مال کر دیا۔ ظاہری طور پر فارسی سیکھنے کے لیے میں نے گورنمنٹ کالج میں فارسی کے استاد ڈاکٹر محمد اقبال ثاقب صاحب سے بنیادی فارسی سیکھی اور اس کے بعد فارسی زبان کے کئی کورس بھی کیے۔

''کشف الاسرار'' سلطان العارفین، برہان الواصلین، فنا فی ھُو حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفِ لطیف ہے۔ مجھے اس تصنیفِ لطیف کا ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے اور ترجمہ کے دوران میں نے فارسی متن کی روح کو برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔ ترجمہ کرنے کے

لیے جس قلمی نسخہ کو بنیاد بنایا گیا ہے وہ کاتب محمد شہباز کا ہے جسے 1341ھ (1923ء) میں لکھا گیا تھا۔ قرنِ حاضر تک یہی ایک نسخہ دستیاب ہے جسے تمام مترجمین اور متن نگاروں نے بنیاد بنایا ہے۔ اس نسخہ کے علاوہ کشف الاسرار کے جن مطبوعہ اُردو تراجم اور فارسی متن مع اُردو ترجمہ سے استفادہ کیا گیا، درج ذیل ہیں:

کشف الاسرار کے مطبوعہ اُردو تراجم مع فارسی متن:

1۔ کشف الاسرار از کے۔ بی نسیم۔ بارِ اوّل 1995ء

2۔ کشف الاسرار از الطاف حسین شاہدروی۔ 1400ھ (1980ء)

کشف الاسرار کے مطبوعہ اردو تراجم (فارسی متن کے بغیر)

1۔ اللہ والے کی قومی دکان، ملک فضل دین، چنن دین ککے زئی تاجران کتب نے کشمیری بازار لاہور سے طبع کروایا۔

2۔ حافظ محمد رمضان، خطیب دربار حضرت سخی سلطان باھُوؒ نے طبع کروایا۔

یہ عاجز اپنے مرشد پاک سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کا انتہائی مشکور ہے جنہوں نے اس خاکسار کو اس قابل بنایا کہ عارفین کے سلطان کی کتاب ''کشف الاسرار'' کا ترجمہ متن کی روح کو برقرار رکھتے ہوئے کر سکے۔ حضرت سخی سلطان باھُوؒ کی دیگر تصانیف کی طرح ''کشف الاسرار'' کا ترجمہ کرتے ہوئے بھی میرے آقا سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس نے دقیق نکات اور حضرت سخی سلطان باھُوؒ کی اصطلاحاتِ فقر کو تلقین اور اپنی نظرِ کرم سے سہل فرمایا۔ ترجمہ کرتے ہوئے مجھے جب بھی کوئی مشکل پیش آئی میں سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کی بارگاہِ عالیہ میں حاضر ہوا جس کی بدولت میری ظاہری و باطنی رہنمائی ہوئی اور ترجمہ پایہ تکمیل کو پہنچا۔ ترجمہ کرتے ہوئے ان تمام دقیق نکات اور اصطلاحاتِ فقر کو حواشی میں درج کر دیا ہے۔

میں شکر گزار ہوں جناب ڈاکٹر سلطان الطاف علی صاحب کا جنہوں نے مصروفیت میں

سے وقت نکال کر ترجمہ اور فارسی متن کی اصلاح اور نظر ثانی فرمائی اور مفید مشوروں سے نوازا۔

میں مشکور ہوں پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال شاہد صدر شعبہ فارسی گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کا جنہوں نے اپنے قیمتی وقت اور مشوروں سے مجھے نوازا اور میری رہنمائی فرمائی۔

میں احسان مند ہوں محترمہ عنبرین مغیث سروری قادری صاحبہ کا جو اُردو، انگلش، عربی اور فارسی پر یکساں دسترس رکھتی ہیں۔ انہوں نے فارسی متن اور ترجمہ کی اصلاح اور نظر ثانی فرمائی اور ہمیشہ کی طرح مفید مشوروں سے نوازا۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے۔ (آمین)

دنیا میں تراجم کے تین طریقہ کار اختیار کئے جاتے ہیں۔ اوّل یہ کہ اصل متن کے بغیر ترجمہ شائع کر دیا جاتا ہے۔ اس میں ایک فائدہ یہ ہے کہ ضخامت کم ہونے سے کتاب کی قیمت کم رہتی ہے اور نقصان یہ کہ اصل متن کی غیر موجودگی میں قاری کے ذہن میں یہ خدشہ موجود رہتا ہے کہ ترجمہ اصل متن کے مطابق ہے یا نہیں اور مترجم نے اپنی طرف سے کچھ ردّو بدل تو نہیں کی۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک صفحہ پر اصل متن اور اس کے مقابل صفحہ پر ترجمہ شائع کیا جاتا ہے۔ اس طریقہ کار میں یہ مسئلہ ہوتا ہے کہ قاری کو مطالعہ کی روانی میں دقت پیش آتی ہے۔ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ مکمل ترجمہ شائع کرنے کے بعد تصدیق و موازنہ کے لیے آخر میں اصل متن شائع کر دیا جاتا ہے۔ میں نے تیسرے طریقے کو بہتر سمجھا ہے۔

فارسی چونکہ ہمارے ہاں اجنبی ہو چکی ہے اور انگلش ذریعہ تعلیم کی وجہ سے اب اُردو بھی غیر مانوس ہوتی جا رہی ہے، اس بات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بندۂ عاجز نے کوشش کی ہے کہ اُردو ترجمہ آسان اور عام فہم ہو تا کہ نوجوان نسل کو سمجھنے میں آسانی ہو۔

میری اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری اس عاجزانہ کوشش کو قبول فرمائے اور لوگوں کے لیے اس کتاب کو ہدایت کا ذریعہ بنائے۔ (آمین)

خاکسار

پروفیسر سلطان حافظ حماد الرحمٰن سروری قادری

ایم۔ایس۔سی (باٹنی)

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور

19۔اگست 2014ء

تقریظ

حضرت سلطان العارفین باھو قدس سرّہٗ العزیز پر باقاعدہ ترجمہ اور تحقیق کا کام 1960ء سے شروع ہوا جو اب تک باقاعدہ جاری ہے۔ البتہ یہ کارِ خیر انفرادی سطح پر ہوتا چلا آیا ہے کسی یونیورسٹی یا باقاعدہ علمی ادارہ سے نہیں۔ اس دور کے سکالرز اور درویش جو اس خدمت میں آتے رہے ہیں ان سے میری یہی گزارش ہے کہ وہ اصل متن کو بھی ایک صفحہ پر ساتھ رکھیں اور اس کے بالمقابل اُردو ترجمہ ہوا کرے۔ اس پر اب تک عمل ہوتا رہا ہے۔ اس طریق کار سے خوانندگان و محققین کو مطالعہ میں آسانی ہوتی ہے اور جہاں کہیں کوئی غلطی کا شبہ ہوتا ہے نوٹ کر لیا جاتا ہے۔

سیّد احمد سعید ہمدانی، ڈاکٹر کے۔ بی نسیم، الطاف حسین شاہد روی، فقیر میر محمد، سید امیر خان نیازی اور راقم الحروف اس میدان میں اسی اصول کے مطابق کام کرتے رہے۔ یہ بندہ اور ہمدانی صاحب اب تک محوِ کار ہیں اور باقی دوست اللہ کو پیارے ہو گئے۔ البتہ یہ قابلِ ذکر ہے کہ انیسویں صدی کے اوائل میں فقیر نظام الدین ملتانی، فقیر محمد دین گجراتی، حسنین الدین لاہوری اور نور محمد کلاچوی نے بھی قابلِ قدر خدمات سرانجام دیں۔

زیرِ نظر رسالہ ''کشف الاسرار'' تصنیفِ لطیف حضرت قدس سرہٗ العزیز پر اس سے پہلے ڈاکٹر کے۔ بی نسیم نے ایڈٹ کر کے اردو میں ترجمہ مع متن شائع کیا تھا اور اب حافظ حماد الرحمٰن نے رسالہ کا ایک فارسی متن سامنے رکھ کر ترجمہ کیا ہے۔ اس سے پہلے میں نے حافظ صاحب کے تراجم دیکھے جو انہوں نے بڑی عرقریزی اور محنت سے سرانجام دیئے۔ یہ ترجمہ کافی سلیس اور قابلِ فہم انداز کے ترجمہ سے مکمل ہوا ہے جو پسندیدہ ہے۔

حضرت سلطان العارفین قدس سرّہٗ نے اس رسالہ میں روحانی ترقی کے لیے تین اسما کے تصور کرنے کی تلقین فرمائی ہے جو اسمِ **اللہ**، اسمِ **محمدؐ** اور اسمِ فقر ہیں۔ وہ طالبِ حق کے لیے مرشد کامل کی رفاقت اختیار کرنے کی تلقین کرتے ہیں اور مرشد کامل وہ ہے جو طالب کو آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری تک لے جائے اور پھر وحدانیت سے آشنا کر دے۔

مجھے امید ہے کہ حافظ حماد الرحمٰن صاحب پورے خلوص، عشق اور تحقیق کو اپنے ان علمی کاموں میں شامل رکھ کر مزید کام کرتے رہیں گے۔

18 ستمبر 2014ء

ڈاکٹر سلطان الطاف علی

(حال۔ ایڈن ولاز II۔ لاہور)

www.sultan-ul-faqr-publications.com

حرزِ جان

حال کے احوال صاحبانِ حال ہی جانتے ہیں ان کا محسوس کرنا تو شاید ممکن ہو، ان کا ادراک ایک مشکل امر ہے اور بیان تو بالکل ہی ناممکن، کیونکہ حال طاری ہو جانے والا عمل ہے۔ کہنے، سننے اور سمجھنے سمجھانے والی قال نہیں۔ صاحبِ حال جس مقام سے بات کرتا ہے اس پر سوائے تحیّر کے عوام بلکہ اکثر خواص کی رسائی بھی ممکن نہیں۔ جب یہ تحیّر، تحریر یا تقریر میں آتا ہے تو اس کی تفہیم کی توفیقات بھی مختلف اور محدود ہوتی ہیں اور بخشندہ کی بخشش کی متقاضی۔

دانش و بینش کی بات الگ اور عارف کے عرفان و ارشاد کا مرتبہ جدا! آنکھ دیکھ نہیں سکتی اور خرد اس کا احاطہ نہیں کر سکتی، اسے تو دل ہی محسوس کر سکتا اور وجدان یا عشق ہی دیکھ سکتا ہے۔

حضرت سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ، سلطان العارفین ہیں۔ سلطان جس مقام سے دیکھ سکتا ہے وہ بخشش اور عطا کا مقامِ علوی ہے۔ سلطان کی بات اور عرفان کا بیان بھی سلطان کی طرح بزرگ اور سترگ و جاہ و جلال کا متقاضی ہے اور اس کی تفہیم کے لیے مقامات و درجات کی تمکین بھی ضروری! کیونکہ سنا ہوا دیکھے ہوئے کے برابر نہیں ہو سکتا، دیکھنے کی ہر گھڑی اور ہر آن اپنی شان ہوتی ہے۔ مولانا جلال الدین رومیؒ پکار اٹھتے ہیں:

ہر چہ گویم عشق را شرح و بیان
چون بہ عشق آیم خجل باشم ازان

حضرت سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی تصانیف ان کے اپنے روحانی مشاہدات اور تجربات ہیں۔ صاحبِ حال پر الفاظ نہیں، واردات اترتی ہیں، جن کی اپنی کیفیات ہوتی ہیں۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کا یہ کمال ہے کہ یہ کیفیات اور تجلیات انسانوں کے درجات کی بلندی کے لیے تلقین فرماتی ہیں۔ اس ضمن میں ان کا اپنا مخصوص انداز، سبک سلیقہ اور منفرد اصطلاحات ہیں جو تصوف و عرفان پر دیگر تصانیف سے قدرے مختلف ہیں۔

''کشف الاسرار'' بھی حضرتؒ کے فارسی آثار میں سے اہم اثر ہے جو جویانِ راہِ حق کے لیے بنیادی کلید بلکہ حرزِ جان کا درجہ رکھتی ہے۔ اس کے مختلف تراجم ہو چکے ہیں۔ زیرِ نظر ترجمہ جناب حافظ حماد الرحمٰن سروری قادری نے کیا ہے۔ حماد الرحمٰن آستانِ حضرت سلطان باھُو کے خوشہ چین، باسواد، بامروت اور صاحبانِ حال کے حلقہ نشین ہیں۔ اس پر مزید یہ کہ ترجمہ شعبہ فارسی جی سی یونیورسٹی کے استادِ گرامی جناب ڈاکٹر محمد اقبال ثاقب کا نظر ثانی شدہ ہے اور واصلانِ حق کے لیے وصل کی دلیل ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال شاہد

صدر شعبۂ فارسی

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور

17۔ اکتوبر 2014ء

www.sultan-ul-faqr-publications.com

سلطان العارفین
حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ اعوان قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں اور اعوانوں کا شجرہ نسب حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے جا ملتا ہے۔ اعوان حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی غیر فاطمی اولاد ہیں۔

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ کے اجداد وادی سون سکیسر (تحصیل نوشہرہ ضلع خوشاب) کے گاؤں انگہ میں رہائش پذیر رہے۔ انگہ کے قبرستان میں سلطان العارفینؒ کے دادا حضرت سلطان فتح محمد رحمۃ اللہ علیہ کا مزار ہے۔ اسی انگہ گاؤں میں سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ کی دادی محترمہ اور نانا رحمۃ اللہ علیہم کی مبارک قبریں بھی موجود ہیں۔

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا اسمِ گرامی حضرت سلطان بازید محمد رحمۃ اللہ علیہ تھا۔ سلطان بازید رحمۃ اللہ علیہ پیشہ ور سپاہی اور مغل بادشاہ شاہجہان کے لشکر میں ایک ممتاز عہدے پر فائز تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تمام جوانی جہاد کی نذر کر دی۔ جب آپ کی عمر ڈھل چکی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنے علاقے میں واپس آ گئے اور اپنی ایک رشتہ دار ہم کفو خاتون حضرت بی بی راستی رحمۃ اللہ علیہا سے نکاح فرمایا۔ حضرت بی بی راستی رحمۃ اللہ علیہا ایک عارفہ کاملہ تھیں اور فنافی ھُو کے مرتبہ پر فائز تھیں۔

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ اپنی تصانیف میں اپنی والدہ محترمہ سے عقیدت و محبت کا بارہا اظہار فرماتے ہیں:

''مائی راستی صاحبہ رحمۃ اللہ علیہا کی روح پر اللہ تعالیٰ کی صد بار رحمت ہو کہ انہوں نے میرا نام باھُو (رحمۃ اللہ علیہ)

رکھا ہے۔"

سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ ایک بیت میں فرماتے ہیں:

راستی از راستی آراستی

رحمت و غفران بود بر راستی

ترجمہ: راستی رحمۃ اللہ علیہ راستی (حق) سے آراستہ ہیں۔ اللہ کی رحمت و مغفرت ہو راستی رحمۃ اللہ علیہ پر۔

آپؒ کے والدین کے مزارات شورکوٹ شہر میں مرجع خلائق ہیں اور مائی باپ حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے مشہور و معروف ہیں۔

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ یکم جمادی الثانی 1039ھ (17 جنوری 1630ء) بروز جمعرات بوقتِ فجر مغل بادشاہ شاہجہان کے عہدِ حکومت میں قصبہ شورکوٹ ضلع جھنگ میں پیدا ہوئے۔ آپؒ کی والدہ ماجدہ نے آپؒ کا نام حکمِ خداوندی سے باھُو رکھا۔ سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ سے قبل تاریخ میں کسی کا نام باھُو نہیں ہے۔ سلطان العارفین اسم ھُو کے عین مظہر ہیں اسی لیے آپؒ کا اسم بھی باھُو ہے۔ سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ مادرزاد ولی کامل تھے اسی لیے آپؒ کی آنکھوں میں ازلی نور چمکتا تھا اور آپؒ کی پیشانی نورِ حق سے منور تھی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ زمانہ شیر خواری میں سیّدنا غوث الاعظم حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی طرح ماہِ رمضان میں سحر تا افطار دودھ نہیں پیتے تھے۔ بچپن سے ہی آپؒ میں نورِ حق اس قدر جلوہ گر تھا کہ آپؒ جس پر بھی نظر ڈالتے اسے واصل باللہ کر دیتے۔ اگر کسی کافر پر نظر ڈالتے تو وہ فوراً کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو جاتا۔ اسی خوف سے کفار اور ہندو آپؒ کے سامنے نہیں آتے تھے۔ آپؒ کی یہ کرامت آخری عمر تک جاری رہی۔ ایک دفعہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی طبیعت بہت ناساز ہوگئی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے حکم سے برہمن طبیب سے علاج کے لیے رابطہ کیا گیا۔ برہمن طبیب نے جواب دیا "میں ڈرتا ہوں کہ اگر میں ان کی نگاہ کے سامنے گیا تو مسلمان ہو جاؤں گا۔ ان کا کرتہ یہاں بھیج دو"۔ جب آپ رحمۃ اللہ علیہ کا کرتہ طبیب کے پاس پہنچا تو وہ اسے دیکھتے ہی مسلمان ہو گیا۔

سلطان العارفینؒ نے کسی قسم کا کتابی اور ظاہری علم حاصل نہیں کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ اپنی تصنیف ''عین الفقر'' میں فرماتے ہیں:

''مجھے اور محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ظاہری علم حاصل نہیں لیکن وارداتِ غیبی کے سبب علمِ باطن کی فتوحات اس قدر ہیں کہ ان کے بیان کے لیے کئی دفتر درکار ہیں''۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ''میں تیس (30) سال تک مرشد کی تلاش میں سرگردان رہا لیکن مجھے اپنے پائے کا مرشد نہیں مل سکا۔'' ایک دن دیدارِ الٰہی میں مستغرق آپ رحمۃ اللہ علیہ شورکوٹ کے نواح میں گھوم رہے تھے کہ اچانک ایک صاحبِ نور، صاحبِ حشمت اور بارعب سوار نمودار ہوا جس نے اپنائیت سے پکڑ کر آپ رحمۃ اللہ علیہ کو قریب کیا اور بڑے دلنشین انداز میں فرمایا کہ میں علی بن ابی طالب (رضی اللہ عنہ) ہوں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے مولا علی کرم اللہ وجہہ کو دیکھا تو قریب تھا کہ خود کو آپ رضی اللہ عنہ پر نثار کر دیتے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے آپ رحمۃ اللہ علیہ پر توجہ مرکوز کی اور فرمایا ''فرزند! آج تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار میں طلب کیے گئے ہو۔''

پھر جیسے وقت تھم گیا، ہر شے ساکت ہوگئی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک لمحے میں خود کو آقا پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پایا۔ اس وقت اس بارگاہِ عالیہ میں حضرت صدیقِ اکبرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ اور تمام اہلِ بیت رضی اللہ عنہم حاضر تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھتے ہی پہلے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے مجلس سے اٹھ کر آپ رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات کی اور توجہ فرما کر رخصت ہوئے۔ بعد ازاں حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت عثمانؓ بھی توجہ فرمانے کے بعد مجلس سے رخصت ہوگئے تو مجلس میں صرف اہلِ بیتؓ اور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی رہ گئے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری بیعت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سپرد فرمائیں گے۔ مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دونوں دستِ مبارک میری طرف بڑھا کر فرمایا ''میرے ہاتھ پکڑو'' اور مجھے دونوں ہاتھوں سے بیعت فرمایا۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ''جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ

مجھے تلقین فرمایا تو درجات اور مقامات کا کوئی حجاب نہ رہا۔ چنانچہ اوّل و آخر یکساں ہو گیا۔ جب آنحضرت ﷺ کی تلقین سے مشرف ہوا تو خاتونِ جنت سیدۃ النسا حضرت فاطمۃ رضی اللہ عنہا نے مجھے فرمایا ''تو میرا فرزند ہے۔''

آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ''میں نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور امام حسین رضی اللہ عنہ کے قدم چومے اور اپنے گلے میں ان کی غلامی کا حلقہ پہنا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا 'مخلوقِ خدا کو خالقِ کائنات کی جانب بلاؤ اور انہیں تلقین و ہدایت کرو۔ تمہارا درجہ دن بدن بلکہ گھڑی بہ گھڑی ترقی پر ہوگا اور ابدالآباد تک ایسا ہوتا رہے گا کیونکہ یہ حکمِ سروری و سرمدی ہے'۔'' بعد ازاں آپ رحمۃ اللہ علیہ کو آقائے دو جہاں ﷺ نے غوث الاعظم محبوبِ سبحانی پیر دستگیر شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے سپرد فرمایا۔ حضرت پیر دستگیر رضی اللہ عنہ نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کو باطنی فیض سے مالا مال کرنے کے بعد خلقت کو تلقین و ارشاد کا حکم دیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ''جب فقر کے شاہسوار نے مجھ پر کرم کی نگاہ ڈالی تو ازل سے ابد تک کا تمام راستہ میں نے طے کر لیا۔''

آپ رحمۃ اللہ علیہ حضورِ اکرم ﷺ کی بارگاہِ عالیہ میں حاضری کا حال بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''جو کچھ میں نے دیکھا ان ظاہری آنکھوں سے دیکھا اور اس ظاہری بدن کے ساتھ دیکھا اور مشرف ہوا۔''

رسالہ روحی شریف میں آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

دست بیعت کرد ما را مصطفیٰؐ خواندہ است فرزند ما را مجتبیٰؐ
شد اجازت باھوؒ را از مصطفیٰؐ خلق را تلقین بکن بہر از خدا

ترجمہ: مجھے حضرت محمد ﷺ نے دستِ بیعت فرمایا اور انہوں نے مجھے اپنا نوری حضوری فرزند قرار دیا۔ مجھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اجازت دی کہ میں خلقِ خدا کو اللہ کی راہ کی تلقین کروں۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

فرزندِ خود خواندہ است مارا فاطمہؓ معرفتِ فقر است بر من خاتمہ

ترجمہ: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نے مجھے اپنا فرزند فرمایا ہے اس لیے معرفتِ فقر کی مجھ پر انتہا ہوگئی۔

سیّدنا غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے باطنی تربیت کی تکمیل کے بعد آپؒ نے سیّد عبدالرحمٰن جیلانی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے دستِ اقدس پر بیعت فرمائی اور خلق کو تلقین اور رشد و ہدایت کا آغاز فرمایا۔ اس مقصد کے لیے آپؒ نے بہت سے سفر کیے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے زیادہ تر سفر وادی سون سکیسر، ملتان، ڈیرہ غازی خان، ڈیرہ اسماعیل خان، سندھ اور بلوچستان کی طرف کیے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ساری زندگی شہر شہر، قریہ قریہ گھوم پھر کر طالبانِ مولیٰ کو تلاش کرنے اور انہیں واصل باللہ کرنے میں گزری کیونکہ خلقِ خدا کو تلقین کرنے کی یہ ذمہ داری آپؒ کو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس سے حاصل ہوئی۔

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ ''سلطان الفقر'' کے مرتبہ پر فائز ہیں۔ جس طرح محبوبِ سبحانی، قطبِ ربانی، غوثِ صمدانی حضرت سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کا اعلان قَدَمِیْ ھٰذِہٖ عَلٰی رَقَبَۃِ کُلِّ وَلِیِّ اللّٰہ ہے اسی طرح سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ نے اعلان فرمایا ''تا آنکہ از لطفِ ازلی سرفرازیٔ عینِ عنایت حق الحق حاصل شدہ واز حضور فائض النور اکرم نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حکم ارشادِ خلق شدہ، چہ مسلم، چہ کافر، چہ بانصیب، چہ بے نصیب، چہ زندہ و چہ مردہ۔ بزبانِ گوہر فشاں مصطفیٰ ثانی و مجتبیٰ آخر زمانی فرمودہ۔'' (رسالہ روحی شریف)

ترجمہ: جب سے لطفِ ازلی کے باعث حقیقتِ حق کی عین نوازش سے سربلندی حاصل ہوئی ہے اور حضور فائض النور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تمام خلقت کیا مسلم، کیا کافر، کیا بانصیب، کیا بے نصیب، کیا زندہ اور کیا مردہ سب کو ہدایت کا حکم ملا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زبانِ گوہر فشاں سے مجھے مصطفیٰ ثانی اور مجتبیٰ آخر زمانی فرمایا ہے۔

مصطفیٰ ثانی اور مجتبیٰ آخر زمانی کے لقب سے مراد یہ ہے کہ آخری زمانہ میں جب جاہلیت اپنے پر پھیلانے لگے گی تو سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُوؒ کے سلسلہ کا کوئی امام آپؒ کی

تعلیمات کو عام کر کے آپؒ ہی کے سلسلہ فقر کے ذریعے ظلمت و جہالت کو نیست و نابود کر کے دینِ حق کا پھر سے بول بالا کرے گا۔

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ کی 140 تصانیف ہیں جن میں سے صرف ایک پنجابی ابیات کی صورت میں ہے اور دیگر تمام فارسی میں ہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی کتب علم لدّنی کا شاہکار ہیں۔ سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کا یہ فرمان ہے کہ جس کو کوئی مرشد کامل اکمل نہ ملتا ہو وہ میری کتب کو وسیلہ بنائے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ رسالہ روحی شریف میں فرماتے ہیں:

''اگر کوئی ولیٔ واصل عالمِ روحانی یا عالمِ قدس شہود سے رجعت کھا کر اپنے مرتبے سے گر گیا ہو وہ اس رسالہ کو وسیلہ بنائے تو یہ رسالہ اس کے لیے مرشدِ کامل اکمل ثابت ہوگا۔ اگر وہ اسے وسیلہ نہ بنائے تو اسے قسم ہے اور اگر ہم اسے اس کے مرتبے پر بحال نہ کریں تو ہمیں قسم ہے۔''

سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کا یہ اعلان آپؒ کی ہر کتاب میں الفاظ کی ردوبدل کے ساتھ موجود ہے۔ میرے مرشد کامل سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس اپنی تصنیف شمس الفقرا میں سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف کے بارے میں رقم طراز ہیں:

''حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف کی عبارت بہت سادہ اور سلیس ہے جسے عام اور معمولی تعلیم یافتہ آدمی بھی آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف کی عبارت میں ایسی روانی اور تاثیر ہے جو دورانِ مطالعہ قاری کو اپنی گرفت میں لے لیتی ہے۔ ان کتب کو اگر باادب اور باوضو پڑھا جائے تو فیض کا ایک سمندر کتب سے قاری کے اندر منتقل ہوتا ہے۔ اگر قاری صدقِ دل سے مطالعہ جاری رکھے تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کے حقیقی وارث سروری قادری مرشد تک راہنمائی ہو جاتی ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتب میں آیاتِ قرآنی، احادیث مبارکہ اور احادیثِ قدسی کا استعمال فرمایا ہے۔ ان کتب میں جہاں کہیں بھی عبارت میں ان کا ذکر ہے، اگر ان کو وہاں سے نکال دیا جائے تو پھر معلوم ہوتا ہے کہ اگر اس جگہ آیاتِ قرآنی یا احادیث کو درج نہ کیا جاتا تو مطلب مکمل نہ ہوتا۔ حضرت سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ عبارت میں اشعار کا برمحل اور خوبصورت استعمال کرتے ہیں جس سے

عبارت کا اثر دوچند ہو جاتا ہے۔''

آپ رحمۃ اللہ علیہ کی جو کتب بازار میں تراجم کی صورت میں دستیاب ہیں ان کے نام درج ذیل ہیں:

(۱)۔ابیاتِ باھُوؒ (پنجابی) (۲)۔دیوانِ باھُوؒ (فارسی) (۳)۔عین الفقر (۴)۔نور الہدیٰ (کلاں) (۵)۔نور الہدیٰ (خورد) (۶)۔کلید التوحید (کلاں) (۷)۔کلید التوحید (خورد) (۸)۔محک الفقر (کلاں) (۹)۔محک الفقر (خورد) (۱۰)۔امیر الکونین (۱۱)۔محکم الفقرا (۱۲)۔کشف الاسرار (۱۳)۔گنج الاسرار (۱۴)۔رسالہ روحی شریف (۱۵)۔مجالستہ النبیؐ (۱۶)۔شمس العارفین (۱۷)۔جامع الاسرار (۱۸)۔اسرارِ قادری (۱۹)۔اورنگ شاہی (۲۰)۔مفتاح العارفین (۲۱)۔عین العارفین (۲۲)۔کلیدِ جنت (۲۳)۔قربِ دیدار (۲۴)۔تیغِ برہنہ (۲۵)۔عقلِ بیدار (۲۶)۔فضل اللقا (کلاں) (۲۷)۔فضل اللقا (خورد) (۲۸)۔توفیقِ ہدایت (۲۹)۔سلطان الوھم (۳۰)۔دیدار بخش (کلاں) (۳۱)۔دیدار بخش (خورد) (۳۲)۔محبت الاسرار یا طرفتہ العین (یہ کتاب دونوں ناموں سے مشہور ہے)۔(۳۳) تلمیذ الرحمٰن (۳۴)۔سیف الرحمٰن (۳۵) گنجِ دین

مناقبِ سلطانی اور شمس العارفین سے آپ رحمتہ اللہ علیہ کی چند ایسی تصانیف کے نام بھی ملتے ہیں جو اب تک ناپید ہیں اور ان کے نام یہ ہیں: (۱)۔مجموعۃ الفضل (۲)۔عین النجا (۳)۔مفتاح العاشقین (۴)۔قطب الاقطاب (۵)۔شمس العاشقین (۶)۔دیوانِ باھُو کبیر وصغیر۔ایک ہی دیوانِ باھُوؒ (فارسی) دستیاب ہے جو یا تو کبیر ہے یا صغیر۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصانیف میں اپنی تعلیمات کو نہ تو تصوف اور نہ ہی طریقت بلکہ ''فقر'' کا نام دیا ہے اور ''راہِ فقر'' اختیار کرنے پر زور دیا ہے۔راہِ فقر میں مرشد کامل اکمل کی راہنمائی بہت ضروری اور اہم ہے۔آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مرشد بھی وہ ہونا چاہئے جو پہلے دن ہی طالبِ مولیٰ کو اسم اللہ ذات سنہری حروف سے لکھ کر دے اور اس کے ذکر اور تصور کا حکم دے۔مرشد کی مہربانی اور ذکر و تصور اسم اللہ ذات سے طالب پر دو انتہائی اہم مقام' دیدارِ حق تعالیٰ اور دائمی حضوریٔ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھلتے ہیں۔باطن میں ان سے اعلیٰ اور کوئی مقام نہیں۔یہ مقامات صرف ان کو

حاصل ہوتے ہیں جو اخلاص اور استقامت سے مرشد کی اتباع اور رضا کے مطابق راہِ حق میں اپنا سفر جاری رکھتے ہیں[1]

آپ رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلہ سروری قادری ہے بلکہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ہی سلسلہ سروری قادری کو برصغیر میں عروج عطا فرمایا۔ اس سلسلہ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں مرشد کامل طالبِ صادق کو ایک ہی نگاہ میں اور ایک ہی توجہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مجلس میں حاضر کر دیتا ہے اور ذاتِ حق تعالیٰ کے مشاہدے میں مستغرق کر دیتا ہے۔ اس پاک وطیب سلسلہ میں رنجِ ریاضت، چلہ کشی، حبسِ دم، ابتدائی سلوک اور ذکر وفکر کی الجھنیں ہرگز نہیں ہیں۔ یہ سلسلہ ظاہری درویشانہ لباس اور رنگ ڈھنگ سے پاک ہے اور ہر قسم کے مشائخانہ طور طریقوں مثلاً عصا و تسبیح و جبہ و دستار وغیرہ سے بیزار ہے۔

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ نے امانتِ الٰہیہ سلطان التارکین حضرت سخی سلطان سیّد محمد عبداللہ شاہ مدنی جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو منتقل فرمائی جن کا مزار احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور میں ہے۔

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ نے تریسٹھ (63) برس عمر پائی اور یکم جمادی الثانی 1102ھ (یکم مارچ 1691ء) بروز جمعرات بوقتِ عصر وصال فرمایا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا مزار مبارک شہر گڑھ مہاراجہ (ضلع جھنگ پاکستان) کے قریب قصبہ سلطان باھُو میں مرجع خلائق ہے اور ہر ایک کے لیے مرکزِ تجلیات ہے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کا عرس مبارک ہر سال جمادی الثانی کی پہلی جمعرات کو منایا جاتا ہے۔ (استفادہ: شمس الفقرا، مجتبیٰ آخر زمانی، سلطان باھُوؒ۔ تصانیف سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس)

---

[1] سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات اور سلسلہ سروری قادری کے تفصیلی مطالعہ کے لیے سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کی تصانیف ''شمس الفقرا''، ''مجتبیٰ آخر زمانی'' اور ''سلطان باھُوؒ'' کا مطالعہ فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کشف الاسرار

(اُردو ترجمہ)

✿ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام عالمین کا ربّ ہے اور عاقبت کا نیک انجام متقی لوگوں کے لیے ہے۔ درود وسلام ہو اللہ کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آلؑ پر، اصحابؓ پر اور تمام اہلِ بیتؓ پر۔

✦ اَللّٰہُ یَجْتَبِیْٓ اِلَیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَیَھْدِیْٓ اِلَیْہِ مَنْ یُّنِیْبُ (الشوریٰ-13)

ترجمہ: اللہ جسے چاہتا ہے اپنے لیے منتخب فرمالیتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے اُس کی اپنی طرف رہنمائی فرما دیتا ہے۔

لامحدود و بے شمار درود ہو خاتم النبیین، رسولِ ربّ العالمین، حبیبِ خدا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو ضمیر کو اللہ تعالیٰ کے قرب کے انوار سے روشن کرنے والے ہیں۔ لامحدود درود ہو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آلؑ پر، اہلِ بیتؓ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اصحابؓ پر۔

✿ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

ترجمہ: اے اللہ! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔

اس کے بعد اس تصنیف کا مصنف اللہ تعالیٰ کی توفیق سے کہتا ہے، جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

✦ وَمَا تَوْفِیْقِیْٓ اِلَّا بِاللّٰہِ (ھود-88)

ترجمہ: اور میری توفیق اللہ ہی سے ہے۔

عالم باللہ اللہ تعالیٰ کے اِن اقوال کے مرتبۂ تحقیق[1] پر ہوتا ہے:

✦ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ (العلق-5)

ترجمہ: (اللہ نے) انسان کو وہ علم سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا۔

●●● اکل الحلال وصدق المقال

ترجمہ: اسے حلال کھانے اور سچ بولنے کی توفیق عطا کی۔

⊕ دَعْ نَفْسَكَ وَتَعَالَ

ترجمہ: اپنے نفس کو چھوڑ کر اللہ تعالیٰ تک پہنچ جا۔

وہ (عالم باللہ) معرفتِ توحیدِ حق تعالیٰ کی راہ دکھا کر مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری اور جمعیت[2] بخشتا ہے۔ وہ علمِ اعظم[3] سے الف (اسمِ اللہ ذات کا راز) کھولتا ہے کہ الف سے کل وجز کے تمام علم علوم کا مطالعہ اور اسی ایک کلمہ سے حضوریٔ حق تعالیٰ کا مشاہدہ حاصل ہوتا ہے۔ اللہ کے ساتھ واصل کرنے والا پاک مذہب سنّی اور اہلِ سنت والجماعت کا ہے۔ دونوں جہانوں کو ایک ہی لمحے میں طے کرنا طریقت میں صرف طریقہ سروری قادری سے ممکن ہے اور قادری (فقیر کامل) اللہ قادر کی قدرت سے قدیر ہوتا ہے۔

یہ کتاب اللہ کے حکم اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اجازت اور باطنی ارشاد کے

---

[1] یعنی وہ اللہ کے ان اقوال کو حق الیقین سے جان کر ان کی تصدیق اپنے قلب سے کر چکا ہوتا ہے۔

[2] جمعیت کے لغوی معنی چیزوں کا ایک جگہ اکٹھا ہونا ہے۔ اطمینان اور سکون کو بھی جمعیت کہتے ہیں۔ حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی تعلیمات کے مطابق صاحبِ جمعیت اس طالب کو کہتے ہیں جسے مقامِ ازل، ابد، دنیا، عقبیٰ کے تمام مراتب، مقامات اور خزانوں پر تصرف حاصل ہو جائے۔ (شمس الفقرا۔ تصنیفِ لطیف سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس)

[3] اسمِ اعظم یعنی ذکر و تصورِ اسمِ اللہ ذات کا علم۔

مطابق فقیر باھُوؒ فنا فی ھُو ولد بازید رحمتہ اللہ علیہ عرف اعوان نے تصنیف کی ہے، جو دارالسلطنت صوبہ لاہور کے مضافات میں واقع خطہ شورکوٹ کا رہائشی ہے جہاں وہ اللہ جلّشانہٗ کے حکم اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تلقین کی بدولت اپنے نفس پر خود منصف اور امین ہے۔ وہ دین کو زندہ کرنے والا اور طریقت کے ہر ظاہری باطنی طریقہ سے آگاہ ہونے کی بنا پر ہر راہِ سلک[1] کا عادل بادشاہ ہے۔ عارف کی نگاہ ہر شے کو دیکھنے اور پرکھنے والی کسوٹی ہوتی ہے۔ وہ معرفتِ توحیدِ الٰہی کی راہِ حضوری سے واقف اور اس کے لائق ہوتا ہے۔ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مشاہدہ سے حاصل ہونے والا علمِ حضوری اس بات کا گواہ ہے کہ (مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے) حضوری کا منصب حاصل کئے بغیر طالب مرید کو تلقین کرنا عظیم گناہ ہے۔ ایسا کرنے والے (ناقص مرشد) کے طالب مرید بالآخر گمراہ ہو جاتے ہیں۔

اس رسالہ کا نام ''کشف الاسرار'' رکھا گیا ہے۔

مرشد کامل پر یہ لازم اور فرضِ عین ہے کہ وہ پہلے طالب مرید کو علمِ دعوت کی تعلیم دے کہ یہ علمِ دعوت دائمی جمعیت عطا کرنے والا، قرآن کے موافق، نفس اور شیطان کے مخالف اور موذی و پریشان کافروں کو قتل کرنے والی ننگی تلوار ہے جو اِن سب کو ایک ہی دم اور قدم میں مکمل طور پر ختم کر دیتی ہے۔ اسمِ اعظم یعنی اسمِ اللہ ذات کو پڑھنے اور اس کا تصور کرنے سے لطف و فیض حاصل ہوتا ہے اور اللہ کے فضل سے تمام آرزوئیں پوری اور غم دور ہوتے ہیں۔ ایسے صاحبِ دعوت جو اس کے عامل بھی ہوں اس جہان میں بہت ہی کم ہیں کیونکہ سورۃ المزمل کی دعوت کا علم مشکل ہے۔ تمام عالم کی مہمات کی مشکل کشائی کے لیے اگر علمِ دعوت کو ایک بار ترتیب سے پڑھا جائے تو اس کا عمل[2] تا قیامت نہیں رُکتا۔ شرط یہ ہے کہ ظاہر میں ایسی دعوت پڑھنے والا علمِ ناظرات[3] کے ذریعے خود کو

---

[1] اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کی باطنی راہ۔

[2] اثر۔

[3] دیدارِ الٰہی تک پہنچانے والے علوم (مترجم)۔ ظاہری علوم قرآن وحدیث وفقہ وتفاسیر وسیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (ڈاکٹر سلطان الطاف علی)

اللہ کی نگاہ میں منظور بنالے اور علمِ حاضرات[1] کے ذریعے خود کو حضوری میں پہنچائے اور قرآن کو حفظ کر کے اللہ کے قرب و معیت میں بار بار ختمِ قرآن کے دور کرے۔ قرآنِ پاک کو اس طریقہ سے پڑھنا ظاہر میں توفیق اور باطن میں تحقیقِ برحق (سے ممکن) ہے۔ قرآن کو اس طریقہ سے پڑھنے والا باطل بدعت سے استغفار کر کے حق کو قبول کرنے والا اور شریعت میں ہوشیار ہوتا ہے۔ پہلے سورۃ المزمل پڑھ کر تصورِ اسم اللہ ذات کے ذریعے خود کو مقامِ وحدت میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تک پہنچائے جہاں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی معیت میں متبرک کلمہ طیبات لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کے علمِ تصرف، کلمۂ توفیق کے تصور اور تصرفِ اسم اللہ ذات تحقیق کے ساتھ حفظِ قرآن[2] کے دور کرے۔

سورۃ مزمل کے ساتھ علمِ دعوت پڑھنے کی ترتیب کا اشارہ اس طرح ہے:

اَوْزِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ط ثَقِيْلًا ط ثَقِيْلًا [3]

جو کوئی اس طریقہ سے سورۃ مزمل کو پڑھ کر اپنا وسیلہ بناتا ہے (اس کی دعوت) فوراً شروع ہو جاتی ہے اور بے شک اسی وقت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی روح مبارک تشریف لاتی ہے اور اللہ کے لیے اس بات کا وعدہ کرتی ہے کہ وہ سورۃ مزمل پڑھنے والے کو قیامت تک اپنی رفاقت سے جدا نہ کرے گی۔ جو کوئی اس طریقہ سے سورۃ مزمل کو علمِ حاضرات کے ساتھ پڑھے گا تو دونوں جہان اس کے تصرف میں آجائیں گے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ سورۃ مزمل کو پڑھنے والے کے دم در دم، دل در دل، نفس در نفس، قلب در قلب اور امر روح در روح میں نور جمع ہو کر اس کی جامع

---

[1] اللہ کی بارگاہ میں حضوری دلوانے والے باطنی علوم۔ علمِ معرفت و حقیقت جو صرف مرشد کامل کی مہربانی سے حاصل ہوتے ہیں۔

[2] یہاں حفظِ قرآن سے مراد قرآن کو زبانی یاد کرنا نہیں ہے بلکہ قرآن کے تمام حروف و آیات کی روح کو سمجھ کر اپنے قلب پر اتارنا ہے۔

[3] لفظ ثَقِيْلًا کی تکرار ہے یعنی اس لفظ کو تین مرتبہ پڑھنا ہے۔

پوشاک[1] بن جائے۔ وہ شریعتِ لطیف[2] کا لباس پہن لے اور اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کے قرب سے ہزاروں ہزار و بے شمار لطائف[3] جوش مارنے لگیں۔ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ[4] کے مقامِ ازل میں صف در صف موجود اولیا اللہ، مومنوں اور مسلمانوں کی ہر جماعت تک خود کو پہنچائے اور قَالُوْا بَلٰی یعنی ''ہاں تو ہی ہمارا پروردگار ہے'' کے قول کا اقرار کرے۔ تمام ارواح (مندرجہ بالا طریقے سے) ختمِ قرآن کا دور مدور کرنے والے حافظِ قرآن[5] کی حفاظت میں رہتی ہیں اور روحانی طور پر ہر کوئی اس کے حکم و اجازت کے تحت آجاتا ہے۔

قرآن کے ساتھ علمِ دعوت پڑھنا ظاہری طور پر توفیق اور باطنی طور پر حضوریٔ تحقیق (سے ممکن) ہے۔ عالم باللہ کے لیے یہ مراتب ایک ہی دم میں کھول دینا اور ایک ہی قدم پر دکھا دینا آسان کام ہے لیکن ناقص کے لیے بہت ہی مشکل ہے۔ اس معمّہ کو صاحبِ معمّہ[6] اولیا اللہ ہی حل کر سکتے ہیں اور عارفوں کو دکھا دیتے ہیں کہ ظاہری و باطنی علم کا (حقیقی) حصول قلب کے مدرسے میں ہی ہوتا ہے جس کے ظاہر ہونے کے بعد وجود میں نفاق باقی رہتا ہے نہ کینہ۔

بیت:

رفت عمری در مطالعہ با رقم
باخدا واصل نشد افسوس و غم

ترجمہ: تمام عمر لکھنے اور پڑھنے میں گزر گئی۔ افسوس اور غم! اتنا لکھنے پڑھنے کے باوجود خدا کا وصال

---

[1] یعنی اس کا پورا وجود نوری لباس میں ڈھل جائے۔

[2] شریعتِ لطیف سے مراد شریعت کی روح ہے۔

[3] اسرارِ الٰہیہ کے باریک نکات۔

[4] ازل میں اللہ نے ارواح تخلیق کر کے انہیں اپنے روبرو صف آراستہ کیا اور سوال فرمایا اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ
ترجمہ: کیا میں تمہارا رب نہیں؟ (سورۃ الاعراف۔ 172)

[5] مراد مرشد کامل اکمل جو قرآن کی روح اور اسرار کا واقف ہے اسی لیے حقیقی حافظِ قرآن ہے۔

[6] اسرارِ الٰہی جاننے والے۔

نصیب نہیں ہوا۔

(اصل) علم وہ ہے جو عُجب[1] اور ہوا[2] سے باز رکھے اور اللہ تعالیٰ تک پہنچائے۔ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری حاصل کر کے ہر (علم کا حقیقی) مطالعہ کرو۔ جس شخص کے پاس اس علم کی رفاقت اور وسیلے کا گواہ نہیں وہ طلبِ دنیا (میں مبتلا ہے) اور گناہ کے مرتبہ پر ہے۔ اس علم کے حصول کے لیے سب سے پہلے چاروں نفس[3] کے چاروں پرندوں یعنی شہوت کے مرغ، حرص کے کوّے، زینت کے مور اور ہوا کے کبوتر کو ذبح کر دینا چاہیے۔

بیت:

چار بودم سہ شدم اکنوں دوم
و از دوئی بگذشتم و یکتا شدم

ترجمہ: پہلے میں چار تھا پھر تین ہوا اور پھر دو ہو گیا۔ پھر دوئی سے گزرا تو یکتا ہو گیا۔

(اللہ کے ساتھ) یکتائی اور (قلب کی) صفائی اسمِ اللہ ذات کے تصور سے اس طرح حاصل ہوتی ہے کہ ظاہری حواس بند ہو جاتے ہیں اور باطنی حواس کھل جاتے ہیں، وجود سے بُرے اوصاف نکل جاتے ہیں اور سب اعضا میں اللہ کا نور ظاہر ہو جاتا ہے۔

ہر علم پر اس کا عالم غالب ہوتا ہے۔ (علمِ حقیقی کے) مطالعہ کے ذریعے تمام مطالب کا مشاہدہ ہو جاتا ہے اور قلب نور بن جاتا ہے۔ مالک الملک (اللہ تعالیٰ) کے حکم سے فقیر مالک الملکی[4] ہوتا ہے اور یہ مرتبہ علمِ حاضرات سے حاصل ہوتا ہے۔ کل و جز کی تمام مخلوقات اگرچہ بے شمار ہیں لیکن یہ تمام جامع صاحبِ حاضرات[5] کے شمار میں ہوتی ہیں۔ کائنات کے تمام علم علوم، فرشتوں کے نام،

---

[1] خود پسندی کی باطنی بیماری۔

[2] خواہشاتِ نفس۔

[3] نفسِ امارہ، نفسِ لوامہ، نفسِ ملہمہ اور نفسِ مطمئنہ۔

[4] تمام کائنات کا مالک وحاکم۔ مراد انسانِ کامل

[5] مرشد کامل اکمل جو حضوریٔ حق تعالیٰ کے تمام علوم کا عالم ہے اور یہ تمام علوم اس کی ذات میں جمع ہیں۔

بارانِ رحمت کے تمام قطرے، معرفتِ توحید کی تمام منازل ومقامات، الہام، تجلیاتِ ذات وصفات اور اسماءِ باری تعالیٰ اگرچہ بے شمار ہیں لیکن اس کے شمار میں ہوتے ہیں۔ جو کچھ روئے زمین پر ہے جیسا کہ نباتات، علمِ کیمیا اکسیر[1]، پہاڑوں میں سنگِ پارس، اللہ کے غیبی خزانے، تصرف کے خزانے، فتوحاتِ علم وارادات[2] اور کتبِ لاریبی[3] اگرچہ بے شمار ہیں لیکن یہ بھی اس کے شمار میں ہیں۔ تمام درختوں اور دیگر پودوں کے پتے، اسمِ اعظم اور اولیا اللہ بے شمار ہیں لیکن یہ سب اس کے شمار میں ہیں (یعنی اس کے محیط میں ہیں)۔

مرد وہ ہے جو قرآنِ پاک کی آیات، کلمہ طیبات، متبرک اسما الحسنٰی، اسم اللہ ذات اور اسمِ محمدؐ سے حاصل ہونے والے (علمِ) حاضرات کی چابی سے (علمِ) ناظرات کا قفل ایک ہی دم میں کھول[4] لے اور مشاہدات کے ایک ہی قدم میں دنیا فانی کے خزانوں پر تصرف، بقائے جاودانی اور معرفتِ توحیدِ ربانی کا مشاہدہ کر لے۔ اگر ظاہر وباطن کی دولت وسعادت یعنی علمِ قرآن وتفسیر، ولایت کا باتاثیر علم، علمِ غنایت[5]، کیمیا اکسیر، روشن ضمیر بنانے والا علمِ ہدایت، فنا فی اللہ فقیر بنانے والا علمِ غنایت اور دونوں جہان پر امیر بنانے والا لامحدود علم حاصل کر لیا جائے مگر پہلے ہی روز مرشد کامل کا حصول نہ ہوا اور خدا سے واصل نہ ہوا تو اللہ تعالیٰ کی اس باطنی راہ پر چلنے والے سب لوگ پریشان ہو کر گمراہ ہو جائیں گے۔

جو اس رسالہ کو اخلاص سے پڑھے گا اس سے کوئی چیز مخفی اور پوشیدہ نہیں رہے گی۔ جو علمِ حاضرات کا پوشیدہ راز جان لیتا ہے، ملکِ سلیمانی[6] ہمیشہ کے لیے اس کی قید میں آجاتا ہے۔

---

[1] لوہے کو سونا بنانے کا علم۔

[2] علمِ حقیقی اور اراداتِ حق تعالیٰ سے حاصل ہونے والی باطنی فتوحات۔

[3] شک وشبہ سے پاک کتابیں مراد قرآن وحدیث وفقہ وتفسیر اور کتبِ اولیا اللہ۔

[4] یعنی حضوریٔ حق تعالیٰ کے ذریعے دیدارِ الٰہی تک پہنچ جائے۔

[5] غنایت سے مراد دنیا وعقبیٰ کی تمام نعمتوں سے دل کی سیری اور طمانیت ہے۔

[6] اس دنیائے دون کا جال اس کے تصرف میں رہتا ہے۔ (ڈاکٹر سلطان الطاف علی)

اے عزیز جان لے! تصور اسمِ اللہ ذات کے علمِ حاضرات کی کنہ سے چار مراتب کھلتے ہیں اور اس علم پر عمل کرنے سے یہ چاروں مراتب تصرف میں آجاتے ہیں۔ پہلا مرتبہ ظلِ اللہ بادشاہ کا ہے۔ دوسرا مرتبہ اس ولی کا ہے جو سات زمینوں اور نو آسمانوں میں ماہ سے ماہی تک طیر سیر کر سکتا ہے۔ تیسرا مرتبہ فنا فی اللہ بقا باللہ عارف اللہ اور مقربِ الٰہی اولیا اللہ کا ہے اور چوتھا مرتبہ قربِ جلیل[1] کی راہ سے آگاہ عالم باللہ کا ہے جو (اللہ تک پہنچنے کی) قطعی دلیل ہے۔ یہ سب درجات بھی علمِ حاضرات کی برکت سے حاصل ہوتے ہیں جو ابتدا سے انتہا تک کے تمام جزوی اور کلّی علوم کا خاتم[2] اور ان کا احاطہ کرتا ہے۔ صرف اسمِ اللہ ذات کا تصور ہی اس راہ کی تمامیت تک پہنچاتا ہے۔

جو شخص علمِ قدیر[3] کی قدرت کا یہ قاعدہ نہیں جانتا اور ہر ممکن طور پر علمِ حاضرات تک نہیں پہنچتا وہ احمق ہے کہ خود کو عامل، فقیرِ کامل اور ولی اللہ کہلواتا ہے۔ یہ طریق کی نہیں توفیق کی راہ ہے، تفریق کی نہیں تحقیق کی راہ ہے، یہ تقلید کی نہیں توحید کی راہ ہے۔ نہ یہ رنجِ گنج[4] کی راہ ہے۔ یہ دلخواہی کی راہ ہے نہ کہ گمراہی کی۔ یہ مشاہدہ اور معرفت کی راہ ہے نہ کہ محنت و مجاہدہ کی۔ یہ راہ اس قدر تیز رفتار ہے کہ طالب مرید کو ایک ہی نظر میں علمِ حاضرات کے ذریعے لوحِ محفوظ کے علم کے مطالعے تک پہنچا کر نفس اور بدعت کے قہر سے بچا لیتی ہے۔ یہ راہ لایحتاج ہے محتاج نہیں۔ یہ روزہ و نماز کی راہ ہے کہ جس میں رکوع و سجود کے دوران اللہ تعالیٰ حیّ و قیوم الہام کے ذریعے تمام سوالوں کے جواب دیتا

---

[1] جلیل اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم ہے۔ یہاں قربِ حق تعالیٰ کی راہ مراد ہے۔

[2] جس طرح حضور علیہ السلام خاتم الانبیا ہیں اور ان میں تمام انبیا کے اوصاف جمع ہیں اسی طرح تصور اسمِ اللہ ذات سے حاصل ہونے والا علمِ حاضرات تمام علوم کا خاتم ہے اور اس میں تمام علوم جمع ہیں۔

[3] علمِ حاضراتِ روحانی (ڈاکٹر سلطان الطاف علی)

[4] قوت و اختیار کا خزانہ حاصل کرنے کے لیے ریاضت و مجاہدہ کرنا۔

ہے۔اس راہ میں زوال نہیں بلکہ وصال کی ہوا چلتی ہے اور اللہ کی طرف سے سَوْفَ تَرَانِیْ[1] کی بے آواز صدا آتی ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے:

اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ

ترجمہ: نماز مومنوں کی معراج ہے۔

مجھے ان لوگوں پر تعجب ہوتا ہے جو بار بار رَبِّ اَرِنِیْ[2] پکارتے ہیں لیکن درحقیقت وہ لوگوں کو زیر کرنے اور بادشاہ کو مسخر کرنے کے شوق میں دعوت پڑھتے ہیں۔ ایسے لوگوں پر علمِ دعوت ہرگز رواں نہیں ہوتا خواہ وہ ساری عمر علم الاسما پڑھتے رہیں یا پتھر کے ساتھ سر ٹکراتے رہیں یا بادشاہ (حکمرانوں) کے پسندیدہ بن جائیں۔ عالم باللہ فقیر صرف اللہ تعالیٰ کے لیے دعوتِ قرآن لایحتاج ہوکر پڑھتا ہے، وہ بادشاہ کا محتاج ہوتا ہے نہ مخلوق کا۔

بیت:

ہر کہ باشد پسند خالق پاک
ور نہ باشد پسند خلق چہ باک

ترجمہ: جس شخص کو اللہ پاک پسند کرے اسے کیا پرواہ کہ مخلوق اسے پسند کرے یا نہ کرے۔

قرآنِ پاک سے علمِ دعوت پڑھنے والا ایسا (صاحبِ تصرف وقوت) ہوتا ہے کہ روئے زمین پر جتنے بھی عامل صاحبِ دعوت ہیں ان سب کے علمِ دعوت کو بند کرسکتا ہے اور اگر ان پر علمِ دعوت کھول دے تو کسی کو یہ قدرت نہیں کہ اسے بند کر سکے۔ جو شخص اس ترتیب کے ساتھ ایک مرتبہ

---

[1] اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا لَنْ تَرَانِیْ (الاعراف-143) یعنی ''اے موسیٰ تو مجھے نہیں دیکھ سکتا'' لیکن اس راہ میں '' لَنْ تَرَانِیْ '' کی بجائے سَوْفَ تَرَانِیْ (الاعراف-143) کی صدا آتی رہتی ہے (یعنی تو عنقریب مجھے دیکھ لے گا)۔

[2] حضرت موسیٰؑ کی دیدارِ الٰہی کی التجا۔ ترجمہ: ''یا اللہ میں تجھے دیکھنا چاہتا ہوں''۔

حصار[1] میں آجائے تو پھر وہ اس حصار سے باہر نہیں آتا۔ اگر مرشد کامل اس سلسلے میں طالب پر توجہ کرے تو وہ توجہ صورتِ مرشد میں ڈھل جاتی ہے اور قیامت کے دن تک طالب سے جدا نہیں ہوتی اور ہر قسم کی بلا اور آفات سے اسے سلامت اور محفوظ رکھتی ہے۔ یہی مرتبۂ استقامت فوق الکرامت[2] اور مرتبہ محمود ہے جو صاحبِ تصور اسمِ اللہ ذات کی عاقبت کو محمود بنا دیتا ہے۔ اہلِ بدعت کا مرتبہ مردود ہے اور ان کی عاقبت بھی مردود ہے۔

حدیثِ مبارکہ ہے:

❁ اَلنِّهَايَةُ هُوَ الرُّجُوْعُ اِلَى الْبِدَايَةِ

ترجمہ: انتہا ابتدا کی طرف لوٹ جانا ہے۔

❁ تَفَكُّرُ السَّاعَةِ خَيْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ الثَّقَلَيْنِ

ترجمہ: ایک لمحہ کا تفکر دونوں جہانوں کی عبادت سے افضل ہے۔

علمِ دعوتِ دل میں، دل کی زبان سے قرآن پڑھا جاتا ہے۔ علمِ دعوتِ زبان میں، پہلے زبان پر اسمِ اعظم کی زبان میں کُنْ فَيَكُوْن کی سیاہی سے (اسمِ اعظم) لکھا جاتا ہے جس سے یہ لِسَانُ الْفُقَرَاءِ سَيْفُ الرَّحْمٰنِ (فقرا کی زبان رحمٰن کی تلوار ہے) بن جاتی ہے۔ ایسی قاتل دعوت میں قلب کی زبان سے قرآن پڑھا جاتا ہے جو قربِ اللہ تک پہنچا دیتا ہے۔ علمِ دعوتِ زبان میں روح، جو قدرت کا امر ہے، کی زبان سے قرآن پڑھا جاتا ہے جس سے انبیا اور اولیا اللہ کی مجلس تک روحانی طور پر

---

[1] یہاں حصار سے مراد علمِ دعوت پڑھنے کی مندرجہ ذیل شرائط ہیں: (i) مرشد کی اجازت کے بغیر دعوت نہیں پڑھنی چاہیے۔ مرشد کی اجازت کے بغیر دعوت پڑھنا خطرناک ہے۔ (ii) پڑھنے والا ولی اللہ ہو اور تصور اسمِ اللہ ذات میں کامل ہو۔ (iii) علمِ دعوت پڑھنے والے کو چاہیے کہ وہ علمِ دعوت میں عامل، کامل، پاکباز اور صاحبِ یقین ہو۔ (iv) ناقص کو ہرگز علمِ دعوت نہیں پڑھنا چاہیے۔ حضرت سخی سلطان باھُوؒ فرماتے ہیں ''اگر کوئی تلوار سے سر بھی اڑا دے تو تب بھی ناقص کے لیے بہتر ہے کہ وہ دعوت پڑھنے کی جرأت نہ کرے''۔ (شمس الفقرا۔ تصنیفِ لطیف سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس)

[2] استقامت کرامت سے بڑھ کر ہے۔

رسائی نصیب ہوتی ہے۔[1]

علمِ دعوتِ زبان کے دوران دم (سانس) کے ساتھ قرآن پڑھنے سے (طالب کے) ہر سوال کا جواب حضورِ حق تعالیٰ سے آتا ہے اور اس تک پہنچایا جاتا ہے۔ علمِ دعوتِ زبان میں قرآن پڑھنے سے ایسا نورِ توفیق حاصل ہوتا ہے جس سے (طالب کا) وجود سر سے قدم تک نور میں ڈھل جاتا ہے۔ اس صاحبِ نور کی ہر بات قربِ حضور سے ہوتی ہے۔ علمِ دعوت کے دوران نفس کی زبان سے صرف وہ قرآن پڑھے جس کے وجود میں نفسِ امارہ کی نفسانیت بالکل باقی نہ ہو۔

علمِ دعوتِ دم، ایک لمحہ کے علمِ دعوت، ایک دن رات کے علمِ دعوت، ایک ہفتہ کے علمِ دعوت، ایک ماہ کے علمِ دعوت، ایک سال کے علمِ دعوت، ماضی، حال اور مستقبل کے علمِ دعوت میں دعوت کے ذریعے قربِ ربّانی پانے والا (روحانی طور پر) لاھوت لامکان میں پہنچ کر قرآن پڑھتا ہے۔ اسے غیب دانی نہیں کہہ سکتے کیونکہ ظاہری آنکھوں سے غیب دانی ایک جنونیت ہے اور شیطانی (وسوسہ) اور غول بیابانی[2] کا عمل ہے۔ اس کے علاوہ یہ راہ نہ کشف کی ہے اور نہ ہی کرامات کی، بلکہ یہ فنافی اللہ ذات، مقرب الحق، فقیر جامع، عالم باللہ اور عالم منتہی کی برحق راہ ہے۔

صاحبِ دعوت علمِ دعوت میں سورۃ مزمل اور دعائے سیفی کو ترتیب کے ساتھ پڑھتا ہے تو عرش و کرسی، لوح و قلم، نو آسمانوں اور زمین کے سات طبقات کو یوں جنبش دیتا ہے کہ انبیا اور اولیا اللہ کی ارواح عبرت میں آجاتی ہیں اور فرشتے حیرت زدہ ہو جاتے ہیں۔ فقیر عالم باللہ قرآنِ پاک کی آیات سے اس طرح دعوت پڑھتا ہے کہ دونوں جہان اس کی قید میں آجاتے ہیں۔ یہ ایسا علمِ

---

[1] حضرت سخی سلطان باھُوؒ طالب کے روحانی مقام کے مطابق دعوت کے درجات بیان فرما رہے ہیں۔ پہلے درجہ پر دعوت ظاہری زبان سے پڑھی جاتی ہے، پھر قلب کی زبان سے، پھر روح کی زبان سے اور جب طالب فنا و بقا کے مراحل طے کر لیتا ہے اور اس کا نفس، قلب اور روح تینوں نور میں ڈھل جاتے ہیں تو وہ علمِ دعوت میں کامل ہو جاتا ہے۔

[2] بھوت پریت۔

دعوت ہے جس کے علم کا مطالعہ ربع مسکون[1] کی بادشاہی عطا کر کے تختِ سلیمانیؑ پر بٹھا دیتا ہے۔ یہ فقیر کے ابتدائی مراتب ہیں۔ جو فقیر دونوں جہانوں پر امیر ہوتا ہے اس کے شب و روز شدت اور سختی کی حالت میں گزرتے ہیں۔ وہ سنگِ پارس کی طرح ہے، ہر وجود جو ناقص لوہے کی طرح ہوتا ہے جب اس کی صحبت میں آتا ہے تو خالص سونا بن جاتا ہے۔ وہ صادقوں کو علمِ تصدیق کا مرتبہ نصیب کر کے صدق تک پہنچاتا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

✦ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝ (النساء۔69)

ترجمہ: وہ انبیا اور صدیقین اور شہدا اور صالحین (کے ساتھ) ہیں کتنے اچھے ہیں یہ لوگ بطور رفیق۔

حدیثِ مبارکہ ہے:

❁ اَلرَّفِيْقُ ثُمَّ الطَّرِيْقُ

ترجمہ: پہلے رفیق تلاش کرو پھر راستہ پر چلو۔

اس (فقیرِ کامل) کے طالب ہمیشہ حضوری میں باشعور رہتے ہیں۔ پس اس مرتبہ پر مغرور نہ ہو کیونکہ مردوں کی راہ تو اس سے بھی آگے فنا در فنا، بقا در بقا، لقا در لقا ہے۔ اس (مرشد کامل) کے سامنے باحیارہ اور اللہ سے ڈرتا رہ۔ فتح علم سے ہے۔ علم کا ظاہر عبادات اور مقامات (کے متعلق) ہے جبکہ علمِ لدنی[2]، وارداتِ غیبی[3] اور اللہ کی کتاب قرآن سے حاصل ہونے والی فتوحاتِ لاریبی[4] علم کا باطن ہیں۔ (علمِ باطن کی) ان تینوں اقسام کا نقش طلب کر جن کا عمل تجھے دونوں جہان کا

---

[1] دنیا کے تین حصوں پر پانی ہے اور چوتھا حصہ خشکی ہے، اس چوتھے حصے کو ربع مسکون کہا جاتا ہے جس پر مخلوق آباد ہے۔

[2] اللہ سے بلاواسطہ حاصل ہونے والا علم۔

[3] غیب سے وارد ہونے والے علوم۔

[4] ایسی باطنی فتوحات جن میں شک کی گنجائش نہ ہو۔

تماشا دکھائے۔

مذکورہ نقوش یہ ہیں: تصورِ طریق، تصورِ توفیق، تصورِ تحقیق اور تصورِ دریائے عمیق۔



تصورِ طریق یہ ہے کہ اسمِ اللہ ذات کے تصور سے ایک ہی سانس میں دونوں جہان کی طاعت کو طے کر لے جس سے دونوں جہان کا نظارہ ہمیشہ کے لیے اس کے مدِّنظر آ جائے۔ تصورِ تحقیق یہ ہے کہ اسمِ اللہ ذات کے ذریعے خود کو قربِ الٰہی سے حضوریٔ توحید تک پہنچائے اور ہمیشہ اللہ کی نظرِ رحمت میں منظور رہے۔ تصور دریائے عمیق یہ ہے کہ (تصور کرنے والا) اسمِ اللہ ذات کے تصور کے ذریعے دریائے توحید میں اس طرح داخل ہوتا ہے کہ پھر وہ دورانِ زندگی اور موت کے بعد بھی کبھی توحید سے باہر نہیں نکلتا اور اس کے قلب اور قالب کے ساتوں اندام[1] میں توحید کا نور منکشف ہو جاتا ہے۔ وہ ہمیشہ حضوری میں رہ کر اللہ کے ساتھ ہم کلام ہوتا ہے اور لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ ان سے باتیں کر رہا ہے۔ جس کو ان تین تصوروں کی راہ معلوم نہیں وہ طریقت میں تصور کے صحیح طریقہ سے آگاہ ہی نہیں ہے کیونکہ کل و جز کی تمام مخلوقات، ذات وصفات، الہام[2] کی تجلیات، کلام، نور،

---

[1] ساتوں اندام سے مراد ''باطنی حواس'' ہیں یعنی نفسی، قلبی، روحی، سرّی، خفی، تخفیٰ اور انا۔

[2] اللہ کی طرف سے خیر کی کوئی بات دل میں ڈالنا۔

حضور، مغفور، شوقِ الٰہی کا سرور صرف اللہ اللہ اللہ (اسمِ اللہ ذات) سے حاصل ہوتے ہیں۔ صرف اسی سے باطن معمور ہوتا ہے اور فنا و بقا، دیدار اور لقا کے مراتب حاصل ہوتے ہیں۔ عالم باللہ اسی اسمِ اللہ سے صانع (اللہ) کی بنائی ہر شے (کی حقیقت) سے پردہ اٹھاتا ہے اور (طالب کو) دِکھاتا ہے۔ اسی سے گنج الحرمین[1]، شرف الدّارین[2]، تصرفِ کونین[3] حاصل ہوتے ہیں اور طالب عین نما، باعین صفا، باعین بقا، باعین فنا، باادب باحیا ہوکر اللہ تعالیٰ کا مقرب بن جاتا ہے اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی (مجلس کی) حضوری حاصل کرتا ہے۔ اس نقش کے تصور میں ہی سب کچھ ہے کیونکہ اسی سے ہمیشہ جاری رہنے والا مشاہدہ حاصل ہوتا ہے۔ اسی سے وہ علم حاصل ہوتا ہے جس کی طے میں تمام علوم ہیں۔ اسی سے حاضرات کی توفیق نصیب ہوتی ہے جس سے تجھے درپیش ہر مطلب حاصل ہوتا ہے۔ اسی سے علمِ ناظرات حاصل ہوتا ہے جو اللہ کی نظرِ رحمت میں منظور بناتا ہے۔

بیت:

از اسم اللہ نقش محمدؐ بجو
آنچہ ماسویٰ اللہ از دل بشو

ترجمہ: اسمِ اللہ سے نقشِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تلاش کر۔ اللہ کے سوا تیرے دل میں جو کچھ بھی ہے اسے اپنے دل سے نکال دے۔

یہ نقش ظاہر میں توفیق اور باطن میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تحقیق ہے۔


---

[1] حرمِ مکہ معظّمہ اور مدینہ منوّرہ (ڈاکٹر سلطان الطاف علی)

[2] دونوں جہانوں کا شرف۔

[3] دونوں جہانوں پر تصرف۔

مذکورہ نقش یہ ہے:



تصور اسمِ مُحَمَّدٌ کے چار طریقے ہیں جن سے چار قسم کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ جو کوئی اسمِ مُحَمَّدٌ کا تصور کرتا ہے یہ اس کے دل میں قرار پکڑ کر قلب کو زندہ کر دیتا ہے اور نفس کو بالکل مار دیتا ہے کیونکہ یہ تصور کامل فقیر کے مرتبۂ فنا فی اسمِ مُحَمَّدٌ پر امیر[1] ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ جب اسمِ مُحَمَّدٌ کسی کے دل میں آجاتا ہے تو یہ اسمِ مُحَمَّدٌ اسے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں لے جاتا ہے۔ وہ اس مجلس کو دیکھ لیتا ہے، پہچان لیتا ہے اور پالیتا ہے۔ اسمِ مُحَمَّدٌ کے تصور کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ جب کوئی اسمِ مُحَمَّدٌ کو اپنے تصور میں لاتا ہے تو اس تصور سے کل و جز کی ہر چیز اس پر ظاہر ہو جاتی ہے اور اس کا وجود مغفور ہو جاتا ہے۔

آیتِ مبارکہ ہے:

✦ لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ (الفتح-2)

---

[1] یعنی اس مرتبہ تک پہنچانے والا ہے۔

ترجمہ: تاکہ بخش دے تجھے اللہ جو آگے ہو چکیں تجھ سے لغزشیں اور جو پیچھے رہیں۔

لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ صاحبِ تصور انسان ہو، نہ کہ گائے گدھے کی حیوانی صفات رکھنے والا۔ چوتھا طریقہ یہ ہے کہ اسمِ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تصور سے حاضرات حاضر ہو جاتے ہیں۔ صاحبِ تصور علمِ ناظرات سے انہیں دیکھ لیتا ہے پھر اس کے دل میں کوئی آرزو باقی نہیں رہتی۔ یہ نقش پہلے ہی دن حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی (مجلس کی) حضوری سے معرفت کا مرتبہ عطا کروانے کا ذریعہ ہے۔ کیونکہ علم حضوری پر گواہ ہے۔ حضوری کی بجائے کسی اور طرف رجوع کرنا گناہ ہے۔ جو مرشد حضوری کے مرتبہ اور منزل تک نہیں پہنچاتا اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تلقین نہیں دلاتا وہ مرشد گمراہ ہے اور اس کے طالب روسیاہ ہیں۔

نقش فنا فی الشیخ سے شیخ کی توجہ، تفکر اور تصرف حاصل ہوتا ہے۔ جس طالب کو بھی شیخ نوازتا ہے اس کے مرتبہ کو اپنے مرتبہ میں تبدیل کر دیتا ہے۔ شیخ حضوری کا نام ہے جو دائمی حضوری میں رہتا ہے۔ اس کے لیے طالبوں اور مریدوں کو حضوری عطا کرنا کوئی مشکل کام نہیں ہے کیونکہ اس کا باطن معمور ہوتا ہے۔ مذکورہ تصورِ شیخ (کرنے کا طریقہ) یہ ہے کہ شیخ کی لازوال خزانے بخشنے والی صورت ہر حال میں تصور میں رہے۔ (فنا فی الشیخ کے مقام پر پہنچ کر) جس طالب کی صورت شیخ کی صورت سے بدل جائے وہ روشن ضمیر ہو جاتا ہے۔ فنا فی الشیخ سے فنا فی اللہ فقیر کا مرتبہ حاصل ہوتا ہے جس سے طالب کو نجات، مصائب میں کمی اور مستی میں بھی ہوشیاری حاصل ہوتی ہے اور وہ باطل بدعت سے مکمل طور پر استغفار کر کے شیخ کے ہاتھ میں موذی کافروں کو قتل کرنے والی تلوار کی طرح ہو جاتا ہے۔ جب تصورِ شیخ سے (طالب کی) صورت (شیخ کی) صورت سے مل کر یک وجود ہو جاتی ہے تو طالب قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (کہو کہ اللہ واحد ہے) پڑھتا ہے۔ پھر شیخ کی صورت طالب مرید کو اس کا ہر مطلب عطا کرتی ہے اور جس منزل و مقام پر بھی طالب چاہے پہنچا دیتی ہے۔ فنا فی الشیخ کے اس مقام پر پہنچ کر طالب میں پہلے جیسی بے یقینی باقی نہیں رہتی، اس کا یقین درست ہو جاتا ہے اور اسے (مرشد کی) تلقین پر مکمل اعتبار آ جاتا ہے۔

طالب شیخ پر اپنی جان قربان کرتا ہے اور مرشد کا یارِ غار و غم بردار بن جاتا ہے۔ ترک و توکل[1] میں وہ جسم با جسم، اسم با اسم، قلب با قلب، روح با روح، دم با دم اور قدم با قدم شیخ کے ساتھ مل جاتا ہے۔

نقش

فَنَا فِی الشَّیْخ

فَنَا فِی الشَّیْخ

جب طالب شیخ کی صورت کا تصور اپنے وجود میں لاتا ہے تو شیخ کی صورت اسے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری میں پہنچا دیتی ہے۔ اس طریقہ سے فنا فی الشیخ کا اعلیٰ مرتبہ حاصل ہوتا ہے۔ ورنہ صورت کی بت پرستی مرتبۂ فنا فی الشیطان ہے۔ یہ نقش فقیر کے لیے فیضِ اثر، نفس پر قہر، صاحبِ نظر اور باطن کا خضر[2] ہے۔ فقیر کی نظر میں سونا چاندی اور مٹی برابر ہیں بلکہ وہ نفس پر حکمران ہوتا ہے۔ فقیر کا ابتدائی مرتبہ یہ ہے کہ اس کی زبان پر قرآن اور تفسیر کا علم ہوتا ہے۔ فقیر علمِ فقہ کے مطالعہ سے روشن ضمیر ہوتا ہے کیونکہ فقہ تمام مذکورہ درجات کے مشاہدہ کا رہبر ہے۔

---

[1] ہر غیر ماسوی اللہ کا کامل ترک کرنا اور صرف اللہ تعالیٰ پر کامل بھروسہ کرنا۔

[2] باطن میں رہنمائی کرنے والا۔

اس کا نقش یہ ہے:



جو کوئی اسمِ فقر کا تصور کرتا ہے، اسمِ فقر اسے سلطان الفقر[۲] تک لے جاتا ہے۔

اَلْفَقْرُ لَا یُحْتَاجُ اِلَّا اِلَی اللّٰہ

ترجمہ: فقر اللہ کے سوا کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔

جو محتاج ہوتا ہے وہ فقیر نہیں ہوسکتا۔ فیض اور فضل فقر کی روح ہے۔ فقر رحمت ہے، فقر لطف ہے، فقر ہدایت ہے، فقر ولایت ہے، فقر غنایت ہے، فقر فنا و بقا ہے، فقر رضا و قضا ہے، فقر قدرت ہے، فقر جمعیت، جمال اور جلال ہے، فقر علم ہے، فقر سرّ الاسرار ہے۔ فقر حضوری عطا کرنے والا نور اور عقلِ کامل باشعور ہے۔ فقر ہی مالک الملک، مقربِ ربّانی، ملکِ سلیمانی کی بادشاہی ہے۔ فقر علمِ کیمیا[۳] پر تصرف کا خزانہ ہے۔ فقر حیات و ممات ہے۔ فقر علم و درجات ہے۔ فقر ہی نفس، دَم، قلب، روح اور محبت میں جلنے والا دل ہے۔ ان تمام مراتب کا جامع مرتبہ اسمِ فقر کے تصور سے کُھلتا اور ظاہر

---

۱ بابرکت۔

۲ سلطان الفقر کے مرتبہ کے تفصیلی مطالعہ کے لیے ملاحظہ فرمائیں ''رسالہ روحی شریف'' مصنف سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو (ڈاکٹر سلطان الطاف علی)۔ اور رسالہ روحی شریف کی عبارت کی شرح کیلئے ملاحظہ فرمائیں ''شمس الفقرا'' باب سلطان الفقر۔ تصنیفِ لطیف **سلطان العاشقین** حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس (مترجم)۔

۳ عام دھاتوں کو سونا بنانے کا علم یعنی ناقص کو کامل بنانے کا علم۔

ہوتا ہے۔ فقر کے تین حروف ہیں۔ ف، ق، ر۔ حرف ''ف'' سے فنائے نفس، حرف ''ق'' سے قہر بر نفس اور حرف ''ر'' سے راضی بر خدا مراد ہے۔ اسی طرح حرف ''ف'' سے فخر، حرف ''ق'' سے قرب اور حرف ''ر'' سے راز بھی مراد ہے۔ فقرِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے یہ مراتب (اللہ کی) محبت (سے حاصل ہوتے ہیں) ہیں۔ حرف ''ف'' سے فضیحت، حرف ''ق'' سے قہرِ خدا اور حرف ''ر'' سے فقرِ مکّب کو رد کر دینا مراد ہے۔

❁ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ فَقْرِ الْمُکِبِّ

ترجمہ: میں منہ کے بل گرنے والے فقر سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

شرح دوم

مکمل مرشد اور پیر کامل کی علامات

اَیُّھَا الْمُؤْمِنْ کی حقیقت کو جان لے کہ حق کی طلب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی متابعت[1] میں ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

✦ قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ (آلِ عمران-31)

ترجمہ: (اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کہہ دیں کہ اگر تم اللہ کی محبت چاہتے ہو تو میری اتباع کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا۔

پس جو شخص حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اتباع کیے بغیر صرف شیخ زادہ[2] ہونے کی وجہ سے خود کو راہبر و پیشوا بنا لیتا ہے وہ خود بھی ضلالت (گمراہی) میں ہے اور دوسروں کے لیے بھی

---

[1] یعنی اللہ کا خطاب اَیُّھَا الْمُؤْمِنْ صرف اس مومن کے لیے ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی کامل ظاہری و باطنی اتباع کرنے والا ہے۔

[2] مرشد کی نسبی اولاد۔ یعنی بغیر کاملیت کے صرف نسب کی بنیاد پر تلقین و ارشاد شروع کر دے۔

مضل (گمراہ کرنے والا) ہے۔

❁ كَمَا قَالَ شيخ جنيد (و) شبلی: اِذَا رَأَيْتَ صُوْفِيْ وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَ يَدَيْهِ تَفْسِيْرٌ وَعَلٰى يَمِيْنِهٖ اَحَادِيْثٌ وَعَلٰى شِمَالِهٖ كُتُبُ الْفِقْهِ تَعْلَمْ اِنَّهٗ شَيْطَانٌ وَّمَا صَدَّرَ عَنْهُ مَكْرٌ وَّاِسْتِدْرَاجٌ ط

ترجمہ: جیسا کہ شیخ جنید رحمتہ اللہ علیہ اور شبلی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر تو کسی ایسے صوفی کو دیکھے جس کے سامنے تفسیر، دائیں طرف حدیث اور بائیں طرف فقہ کی کتابیں نہ ہوں تو سمجھ لو کہ بے شک وہ شیطان ہے اور جو کچھ اس سے ظاہر ہو رہا ہے وہ تمام مکر اور استدراج[1] ہے۔

یعنی اگر اس کا ایک بھی قول یا ایک بھی عمل شریعت اور فقرِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف دیکھے تو ایسے صوفی کو شیطان سے منسوب کر۔ پس ایسے شخص سے سب کو اجتناب کرنا چاہیے کیونکہ ایسا جاہل شخص پیر و پیشوا نہیں ہوسکتا۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

✦ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ (الاعراف-199)

ترجمہ: اور جاہلوں سے منہ موڑ لیں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

✦ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ (البقرہ-67)

ترجمہ: میں جاہلوں میں سے ہونے سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ:

سگ تر شود از بول پاک تر باشد

از آن کسے کہ کند اختلاط با عامی

ترجمہ: جو شخص کمینوں سے میل جول رکھتا ہے وہ کتے سے بھی بُرا ہے۔ گویا وہ پیشاب سے پاک ہونے کی کوشش کرتا ہے۔

---

[1] ایسا خرقِ عادت عمل جو روحانی قوت کی بدولت نہ ہو بلکہ محض فریبِ نظر اور شعبدہ بازی ہو۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

✦ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ (الناس 6-4)

ترجمہ: (میں پناہ مانگتا ہوں) خناس کے وسوسوں کے شر سے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے، چاہے وہ جنوں میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔

تفسیرِ منیر میں اس آیتِ مبارکہ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ بنی شیطان دو قسم کے ہیں، جن شیطان جو کہ مشہور ہیں اور انسانی شیطان جیسا کہ جاہل شیخ۔ جن شیطان کی برائی پوشیدہ ہے جبکہ جاہل شیخ کی برائی ظاہر ہے۔ پس سب سے پہلے ضروری ہے کہ پیرِ کامل کے اعمال اور اقوال مذکورہ طریقہ (یعنی شریعت) کے مطابق ہونے چاہئیں۔ بعد ازاں اس کے لیے لازم ہے کہ وہ چار علموں سے آگاہ ہو۔ ان امور کی بجا آوری کے بعد اس کی پیری قبول کرنے کی چار شرائط ہیں۔ اگر وہ ان شرائط پر پورا اترتا ہو تو اسے پیر بنانا چاہیے ورنہ کسی (ناقص) کو اپنا ہاتھ نہیں پکڑانا چاہیے تاکہ نہ خود گمراہ ہو نہ دوسروں کو گمراہ کرے۔

اوّل یہ کہ وہ تفسیر اور احادیث کے مکمل علم سے واقف ہو یعنی جانتا ہو کہ کیا ناسخ ہے اور کیا منسوخ، کیا معمول ہے اور کیا غیر معمول، اور ان میں باہم تمیز کر سکتا ہو اور یہ کہ اس پر فرض ہے کہ وہ اللہ کے کلام پر ایمان لاتا ہو البتہ اللہ کے تمام کلام پر عمل کرنا فرض[1] نہیں ہے۔ جب تو اس راہ پر استقامت اختیار کر لے گا تو نفس اور شیطان طرح طرح کے برے طریقوں اور نفسِ ملہمہ کے فریبوں کے ذریعے تجھ سے پیش آئیں گے جس طرح بارش کے قطروں میں یا سراب اور گرد و غبار میں یا جس طرح گرمیوں کے موسم میں گرم دوپہر میں اچانک عجیب و غریب طرح طرح کے رنگ (ہماری نظروں کے سامنے) نمودار ہوتے ہیں (جس طرح یہ رنگ حقیقت نہیں بلکہ ہمارا فریبِ نظر ہوتے ہیں اسی طرح نفس و شیطان بھی ہمیں فریب دیتے ہیں)۔ اسی طرح نفس اور شیطان

---

[1] اللہ تعالیٰ کے تمام احکامات فرض نہیں ہیں بلکہ احکامات تو فرض، واجب، مباح اور مستحب بھی ہیں۔

دس ہزار حجاب تیرے سامنے لائیں گے۔ کبھی قسم قسم کے باغ، خوبصورت لڑکیاں اور جوان، صاف وشفاف نہریں، حور وقصور اور عرش وکرسی تیرے سامنے پیش کریں گے جو اصل میں موجود نہیں ہوں گی۔ اس دوران اگر غفلت کی وجہ سے تجھ سے کوئی غیر شرعی کام سرزد ہو گیا تو شیطانی عرش وکرسی تیرے سامنے ظاہر ہو جائیں گے۔[1]

پس مرشد کامل وہ ہے جو طریقت کے چار (پُرفریب) طریقوں سے طالب کو سلامتی کے ساتھ گزار کر حقیقت تک پہنچا دے۔ یہ چاروں طریقے، جو اَنا اور زندقہ[2] کے مترادف ہیں، یہ ہیں: پہلا (پُرفریب) طریقہ جس سے صاحبِ طریقت کو واسطہ پڑتا ہے، یہ ہے کہ انانیت اور غرور سے بھرپور نفس سے ظاہری کشف وکرامات کا ظہور ہوتا ہے جس سے عارضی خوشی اور راحت تو ملتی ہے لیکن یہ مقام اللہ کے قرب اور وصال سے بہت دور ہے۔ اگرچہ یہ مقام مخلوق کی نظر میں ثواب ہے لیکن خالق کے نزدیک حجاب ہے۔ دوسرا (پُرفریب) طریقہ جو صاحبِ طریقت کی راہ میں آتا ہے یہ ہے کہ اس پر رجوعاتِ خلق اور جنونیت کا غلبہ رہتا ہے۔ دنیا کی طلب میں گرفتار اہلِ دنیا (اپنے دنیاوی مسائل کے حل کے لیے) اس کے پیچھے بھاگتے رہتے ہیں۔ مخلوق کے نزدیک وہ فریادرس[3] ہوتا ہے لیکن خالق کے نزدیک وہ ناقص اور اہلِ ہوا وہوس ہوتا ہے۔ تیسرا (پُرفریب) طریقہ جو صاحبِ طریقت کو درپیش ہوتا ہے، یہ ہے کہ وہ چرند پرند کو مسخر کر لیتا ہے۔ مخلوق کے نزدیک تو یہ طیر سیر ہے لیکن خالق کے نزدیک یہ مراتبِ غیر ہیں۔ چوتھا (پُرفریب) طریقہ جس سے صاحبِ طریقت کا واسطہ پڑتا ہے، یہ ہے کہ وہ ناسوت، جبروت اور ملکوت کے مقامات اور طبقات کا مشاہدہ اور سیر کرتا ہے۔ مخلوق کے نزدیک وہ غوث اور قطب ہوتا ہے لیکن بالائے عرش سے لے کر تحت الثریٰ تک طریقت کی انتہا کے ستر ہزار مقامات کی معرفت وحقیقت سے محروم ہوتا

---

[1] یعنی شیطان تیرے بداعمال تجھے خوبصورت بنا کر دکھائے گا اور تجھے اپنے جال میں مزید پھنسا لے گا۔

[2] کفر، منافقت، کسی دین ومذہب کو نہ ماننا۔

[3] فریاد پوری کرنے والا۔

ہے۔ اگر چہ سکر و صحو[1] کے غلبات کی وجہ سے وہ خود کو حضوری میں رہنے والا عارف سمجھتا ہے لیکن اصل میں سکر و صحو کے اثرات سے بہت دور ہوتا ہے۔

پس معلوم ہوا کہ شریعت کے لحاظ سے اَلْاِیْمَانُ بَیْنَ الْخَوْفِ وَالرِّجَاءِ یعنی ایمان خوف اور امید کے درمیان ہے۔ اسی لیے غوث، قطب، اوتاد اور ابدال کے نزدیک یہ محض مقاماتِ کبیرہ و صغیرہ ہیں۔ مقاماتِ صغیرہ سے مراد زمین کے ساتوں طبقات کے مشاہدات ہیں اور مقاماتِ کبیرہ سے مراد آسمان کے نو طبقات، عرش، کرسی، لوح اور قلم کے مشاہدات ہیں۔ فقیر عارف باللہ کے لیے مقاماتِ صغیرہ پر نظر رکھنا گناہِ صغیرہ ہے اور مقاماتِ کبیرہ یعنی نو افلاک کی طیر سیر پر نظر رکھنا گناہِ کبیرہ ہے۔ توحید اور معرفتِ الٰہی اِلَّا اللہ میں غرق ہو کر مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری سے مشرف ہونے کے سوا اس کے لیے ہر شے گناہ ہے۔ وہ آنکھ ہی نہ رہے جو معرفتِ اِلَّا اللہ اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری کے سوا کچھ اور دیکھے۔

بیت:

دیدہ آن باشد کہ بیند عین نور
دیدہ آن باشد بود مجلس حضور

ترجمہ: آنکھ اسے کہتے ہیں جو عین نور دیکھتی ہے۔ آنکھ وہ ہے جسے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری حاصل ہے۔

فقیر جو کچھ کہتا ہے حساب[2] سے کہتا ہے نہ کہ حسد سے۔ (اس کا کلام) توحید، معرفتِ الٰہی اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رو سے ہوتا ہے۔ آفرین ہے اس پر جس کا ظاہر و باطن ہمیشہ کے لیے ایک ہو چکا ہو اور جو دن رات مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری اور نور میں غرق

---

[1] سکر عشقِ حقیقی میں خماری اور مدہوشی کی حالت ہے جبکہ صحو خماری سے ہوشیاری کی طرف لوٹنے کو کہتے ہیں (مترجم)۔ صحو ہوشیار باش رہنے کی کیفیت ہے (ڈاکٹر سلطان الطاف علی)۔

[2] یعنی وہ ہر حقیقت سے آگاہ ہوتا ہے اور جو کچھ بولتا ہے امرِ ربی سے حق بولتا ہے۔

رہتے ہوئے بھی لوگوں میں عام انسان کی طرح رہتا ہے حالانکہ وہ صاحبِ نظر[1] ہوتا ہے۔ اس کا ظاہر و باطن یکساں ہوتا ہے۔ باطن کی خبریں دینا بظاہر بہت مشکل اور دشوار کام ہے لیکن کاملین کے نزدیک یہ ایک پلک جھپکنے جیسا (آسان) ہے۔ ان کے تمام افعال (خواہ ظاہری ہوں یا باطنی) دونوں احوال میں ان کی یہی کیفیت ہے۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

حضرت آدم علیہ السلام سے خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام تک اور پھر خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام سے قیامت کے دن تک کوئی بھی شخص خواہ بجلی اور ہوا سے بھی تیز دوڑے پھر بھی وہ ہرگز مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دہلیز اور معرفتِ الٰہی کی دراز راہ کی ابتدا کو بھی نہیں پہنچ سکتا۔ لیکن مردِ کامل (مرشد کامل) اسے اسمِ اللہ ذات کی برکت سے پلک جھپکنے میں اس راہ کے صاحبِ راز کے مقام تک پہنچا سکتا ہے۔ صاحبِ تصور اسمِ اللہ ذات کا ریاضتِ طبقات سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ وہ اسمِ اللہ ذات (کے ذکر و تصور) سے اسمِ اللہ کی انتہا یعنی ''ذات'' تک پہنچ چکے ہوتے ہیں۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

بعض لوگ ایسے ہیں جو لوگوں کو اپنی نظر کی کشش اور ذکرِ دَم کی توجہ کے ذریعہ اپنی طرف کھینچ لیتے ہیں اور انہیں مسخر کر لیتے ہیں۔ پس اس قسم کے دم نوش لوگ سانپ کی طرح ہیں اور پروردگار کی معرفت سے بہت دور ہیں۔ بعض لوگ تفکر اور ذکر سے دل کو (تصور میں) پیٹ میں لا کر سینہ کی طرف کھینچتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ حبسِ دم ہے۔ یہ جھوٹ اور غلط کہتے ہیں۔ یہ ایک بے فائدہ عمل ہے کیونکہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری میں ذکر خود بخود جاری ہو جاتا ہے۔ پھر ایسے حبسِ دَم کرنے والے لوگوں کو تلاش کرنے اور ان کی تقلید کرنے کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ بعض لوگ اپنے آپ کو ذاکرِ قلبی کہتے ہیں اور سانس کو روک کر ناک کے سوراخ سے باہر نکالتے ہیں۔ بہتر یہی ہے کہ تو ایسے بد مذہب لوگوں کا منہ تک نہ دیکھے کیونکہ اس

---

[1] جس کی نظر سے ظاہر و باطن کی کوئی بات چھپی نہ ہو۔

طرح سانس کو روکنا تو کفار اور اہلِ زنّار[1] کا کام ہے۔ ایسے لوگوں سے ہزار بار توبہ کرنی چاہیے۔ دینِ اسلام کے لحاظ سے حبس کے معنی یہ ہیں کہ اپنے اردگرد شرک و بدعت اور صغیرہ و کبیرہ گناہوں کے خلاف حصار باندھا جائے اور اپنے ایمان اور اسلام کو حبس (یعنی اپنی گرفت) میں رکھے۔ یعنی مومن مسلمان ہونا بہت ہی مشکل کام ہے۔

جیسا کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

❁ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ يَدِهٖ وَلِسَانِهٖ

ترجمہ: مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں۔

اس کے معنی یہ نہیں کہ سانس کو تو روک کر حبسِ دم کر لیا جائے لیکن اعمال نص و حدیث کے منافی کئے جائیں۔ ایسا کرنا بے فائدہ ہے اور کفار اور ان جیسے لوگوں کا طریقہ ہے۔ اگر حبسِ دم کرنے والے مندرجہ ذیل آیت (میں نفس پر ظلم) کے معنی یہی سمجھیں (یعنی حبسِ دم کو ہی نفس پر ظلم سمجھیں) اور دعویٰ کریں کہ وہ اپنے نفس پر حاکم ہیں حالانکہ وہ اس کے غلام ہیں، تو ان کا یہ دعویٰ غلط ہے۔ وہ جھوٹ بولتے ہیں اور ان کا عمل اس آیت کے خلاف ہے:

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

✦ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ (الکہف-35)

ترجمہ: اور وہ جنت میں گیا اور وہ اپنے نفس کے لیے ظالم ہے۔

آیتِ مذکورہ میں نفس سے مراد چار پرندے ہیں یعنی شہوت کا مرغ، زیب و زینت کا مور، حرص کا کوّا اور خواہشاتِ نفس کا کبوتر۔ جب یہ چاروں پرندے مار دیے جائیں گے تو شیطان نفس سے جدا ہو جائے گا۔ صاحبِ نفس اپنے نفس پر حاکم ہو جائے گا اور نفس نڈھال ہو کر اس کی قید میں آ جائے گا اور مر جائے گا۔ پس نفس کے مرنے میں ہی قلب کی حیات ہے۔ کلامِ الٰہی کی اس آیت کے مطابق اسے اربع عناصر[2] (پر تصرف) حاصل ہو جائے گا۔

---

[1] زنّار سے مراد وہ دھاگہ ہے جسے برہمن اپنی کمر کے گرد باندھتے ہیں۔ اہلِ زنّار سے مراد کافر ہیں۔

[2] چار عناصر آگ، ہوا، پانی اور مٹی، جن سے انسان کا جسم اور تمام کائنات تخلیق ہوئی۔

✦ وَاِذْقَالَ اِبْرٰهِمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰیؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّیَطْمَىٕنَّ قَلْبِیْؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ سَعْیًاؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ۝ (البقرہ-260)

ترجمہ: اور جب ابراہیم (علیہ السلام) نے عرض کی کہ اے پروردگار! مجھے دکھا کہ تو مردے کو کس طرح زندہ کرتا ہے، تو حکم ہوا کیا تو اس پر یقین نہیں کرتا؟ عرض کیا مجھے یقین تو ہے لیکن صرف اپنے دل کی تسلی کی خاطر دیکھنا چاہتا ہوں۔ حکم ہوا چار پرندے لے اور ان کو اپنے ساتھ مانوس کر لے۔ پھر ان کے اجزا مختلف پہاڑوں پر رکھ اور پھر انہیں بلا، تو پھر وہ تمہاری طرف دوڑ کر آئیں گے۔ پھر تمہیں علم ہو جائے گا کہ بے شک اللہ تعالیٰ غالب اور حکمت والا ہے۔

بیت:

عبث را بگذار ہمدم حبس را
غرق فی التوحید شود عارف خدا

ترجمہ: اے ہمدم! اس حبسِ دم کو چھوڑ دے جس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ توحید میں غرق ہو کر عارفِ خدا ہو جا۔

(طالبِ مولیٰ کے لیے ضروری ہے کہ) تین علوم کی معرفت حاصل کرے۔ علمِ شریعت، علمِ طریقت اور علمِ حقیقت۔ علمِ شریعت معرفتِ انسان کا علم ہے اور اس کا تعلق عالمِ ناسوت سے ہے۔ علمِ طریقت معرفتِ نفس کا علم ہے اور اس کا تعلق عالمِ ملکوت سے ہے جبکہ علمِ حقیقت معرفتِ رحمان کا علم ہے جس کا تعلق عالمِ لاھوت سے ہے۔ تاہم ناسوت کا علم اِس جہان (دنیا) سے جڑا ہے، ملکوت کا علم اُس جہان (اُخروی جہان) سے اور جبروت کا علم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قرب ہے جو نہ اِس جہان سے ہے نہ اُس جہان سے، البتہ یہ بانشان (ہر جگہ موجود) ہے لیکن علمِ لاھوتِ رحمانی اللہ تعالیٰ کے ساتھ وصال کا علم ہے جو بے نشان ہے (کیونکہ اللہ خود بے

نشان ہے)۔علمِ ناسوت کی معرفت پر استقامت عالموں کی راہ ہے۔علمِ ملکوت کی معرفت پر استقامت زاہدوں کی راہ ہے۔علمِ جبروت کی معرفت پر استقامت عارفوں کا مقام ہے۔علمِ حقیقتِ لاھوت پر استقامت عاشقوں کی راہ ہے۔ملکوت کی معرفت حاصل کرنا اہلِ بصیرت کا کام ہے جن کی ہمت[1] کم ہوتی ہے۔وہ لوگ سچی زبان سے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ تو کہتے ہیں لیکن اس کی حقیقت دیکھنے سے قاصر ہوتے ہیں۔

حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان ہے:

❁ رَاَیْتُ رَبِّیْ بِعَیْنِ رَبِّیْ فِیْ قَلْبِیْ اَحْسَنَ صُوْرَۃٍ

ترجمہ: میں نے اپنے ربّ کو اپنے ربّ کی آنکھ سے اپنے قلب میں احسن صورت میں دیکھا۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ کی آتش سے اس مقام تک پہنچا جا سکتا ہے۔اور وہی سچے مومنین ہیں (جو اس مقام تک پہنچیں)۔

اے عزیز! لَآ اِلٰہ سے مراد بتوں[2] کو ترک کر کے ان کی نفی کرنا ہے اور اِلَّا اللہ اثبات کا مرتبہ ہے یعنی معرفتِ حق حاصل کر کے اقرارِ توحید کرنا۔بے شک اللہ تعالیٰ برحق ہے۔

تمت بالخیر

ترجمہ: خیر کے ساتھ مکمل ہوئی۔

---

[1] اپنی تمام تر قوتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے، توفیقِ الٰہی سے غیر ماسوی اللہ کو ترک کر کے ذاتِ حق تک پہنچنا ہمت کہلاتی ہے۔

[2] غیر ماسوی اللہ

کشف الاَسرار

(فارسی متن)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ وَالۡعَاقِبَۃُ لِلۡمُتَّقِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَاَھۡلِ بَیۡتِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ ط

اَللّٰہُ یَجۡتَبِیۡ اِلَیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ وَیَھۡدِیۡۤ اِلَیۡہِ مَنۡ یُّنِیۡبُ

ودرود نا محدود بیشمار کہ روشن کنندہ ضمیر انوار از قربِ پروردگار علّی خاتم النبیین رسول ربّ العٰلمین محمد مصطفیٰ حبیبِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وعلیٰ آلہٖ واصحابہ واہل بیتہ اجمعین ط اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ۔ بعدہٗ میگوید مصنف تصنیف باتوفیق خدا عزّوجل قولہ تعالیٰ وَمَا تَوۡفِیۡقِیۡۤ اِلَّا بِاللّٰہِ عالم باللہ مرتبہ تحقیق قولہٗ تعالیٰ عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَالَمۡ یَعۡلَمۡ۔ اکل الحلال وصدق المقال۔ دَعۡ نَفۡسَکَ وَتَعَالَ۔ جمعیت بخش مجلس محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نماد رمعرفت توحید خدا تعالیٰ کہ از حرفِ علم اعظم الف کشایدء کہ کل جُز علم علوم مطالعہ از الف مشاہدہ حضوری نمایدکہ حاصل کردن دریک سخن۔ واصل شُدن مع اللہ باکن مذہب پاک سُنی صاحبِ سنت وجماعت۔ کونین رادر طے آوردن دریک ساعت از طریقت طریقہ سروری قادری وقادری باقدرت قادر قدیر۔

باھُوفنافی ھُوفقیر ولد بازید رحمتہ اللہ علیہ عرف اعوان ساکن پرگنہ شورمن مضافات صوبہ دارالسلطنت لاہور بحکم اللہ جلّ شانہٗ ورخصت از حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بجہت ارشاد باطن او باتلقین برنفس خود منصف امین محی الدین عادل بادشاہ ہرسلک از ہرطریقہ باطریقت ظاہر باطن آگاہ۔ محک النظر ناظر نگاہِ عارف درمعرفت توحید الہ لائق حضوری راہ کہ علم حضوری ازمشاہدہ حضوری مجلس محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم گواہ ہرکہ بغیر ازمنصب حضوری طالب مریدرا تلقین کند عظیم گناہ کہ عاقبت طالب مرید اوگمراہ۔

نام این رسالہ کشف الاسرار نہادہ شد۔

برمرشد وطالب مرید لازم وفرض عین است کہ اوّل تعلیم علمِ دعوت کند کہ جمعیت بخش جاودان موافق قرآن مخالف نفس شیطان تیغ برہنہ قاتل الکفّار موذیان پریشان کہ دریکدم تمام شدوبریک قدم تمامیت ختم کہ خواندن اسمِ اللہ اعظم باتصورِ اسمِ ذات لطف فیض فضل بردارجملہ آرزوغم۔ این چنین صاحبِ دعوت عامل درجہان کم کہ علمِ دعوت

سورہ مزمل مشکل۔تمام عالم را مہمات مشکل کشائی باترتیب یکبار بخواند عمل اوتاروز قیامت باز نماند۔بشرط آنکہ ظاہر خواننده باعلمِ ناظرات بمدِ نظر اللہ خود را منظور گرداند و باعلمِ حاضرات خود را بحضور رساند و بحفظ ختم قرآن مع اللہ دور مدوّر خواند۔این طریقہ خواندن قرآن ظاہر توفیق و باطن تحقیق برحق است۔حق بردارواز باطل بدعت استغفار وخواننده در شریعت ہشیار۔بشروع سورہ مزمل وحدت بتصورِ اسمِ ذات خود را در مجلس بحضور رساند بحفظِ قران دور مدور مع محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بخواند و باعلم تصرف کلمۂ طیبات متبرکات لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ و باتصور کلمہ توفیق وتصرف اسم اللہ ذات تحقیق ۔

علم دعوت سورہ مزمل باترتیب اشارہ اَوْزِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ط ثَقِيْلًا ط ثَقِيْلًا ط ہرکہ بدین طریق سورہ مزمل راکند وسیلہ یکبارگی شروع کند۔بے شک ہموندم ارواح محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاضر شود از برائے عنداللہ قول دہد تاروزِ قیامت از رفاقت خود جدا نگرداند۔ہرکہ بدین روش سورہ مزمل از علم حاضرات خواند ہر دو جہان در قید تصرف او بماند۔بشرط آنکہ سورہ مزمل خواننده دم دردم،دل در دل ونفس در نفس وقلب در قلب امر روح در روح نور جمع،جامع خلعت۔لباسِ شریعت لطیف پوشد ولطیفہ ہائی ہزاران ہزار بیشمار اندرونِ دل از قرب پروردگار خروشد۔درمقام ازل اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ صف در صف ارواحِ اولیاء اللہ مومن مسلمان در جملہ جماعت رساند آواز قَالُوْا بَلٰى قبول ہستی پروردگارِ ما۔ہریکی ارواح بحفظِ حافظ ختم قرآن دور مدوراز ہمہ کس روحانیت حکم اجازت۔

قرآن علمِ دعوت خواندن ظاہر توفیق و باطن حضوری تحقیق۔این چنین مراتب عالم باللہ را بکشودن در یکدم ونمودن بر یک قدم آسان کار و ناقص را خیلے دشوار۔این معمّا را صاحبِ معمّا اولیاء اللہ کشاید وعارف بنماید کہ ظاہر باطن صاحب تحصیلِ علم مدرسۂ درسینہ کہ بنماید درسینہ نہ در وجود نفاق ماند ونہ کینہ۔

بیت

رفت عمری در مطالعہ با رقم
باخدا واصل نشد افسوس و غم

علم آنست کہ از عجب وہوا باز گرداند و باخدا رساند۔ہر مطالعہ از مجلس محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضوری۔ہرکہ ازین علم رفیق وسیلہ باخود گواہ ندارد کہ طلب دنیا بمرتبۂ گناہ آرد۔اوّل علم باید کہ ہر چہار نفس چہار طیور را ذبح کند خروسِ شہوت، زاغِ حرص،طاؤسِ زینت،کبوترِ ہوا۔

بیت

چار بودم سہ شدم اکنوں دوم
و از دوئی بگذشتم و یکتا شدم

یکتائی وصفائی بہ تصور اسمِ اللہ ذات کہ ظاہر حواس بستہ شود و باطن حواس بکشائد و اوصافِ ذمیمہ از وجود برخیزد و در ہر اعضاء نور اللہ میریزد۔

بر ہر علم عالم غالب۔ در مطالعہ مشاہدہ نما مطالب یکبارگی نور گردد قلب۔ فقیر مالک الملکی بحکم مالک الملک کہ این مرتبہ از علمِ حاضرات است کہ جامع صاحبِ حاضرات راکل و جزو مخلوقات اگر چہ بیشمار است تمامی در شمارِ اوست و جملہ علم علوم و نام فرشتہ ہائی و قطرات مطرات بارانِ رحمت و معرفت توحیدات، منزل و مقامات، الہام، تجلیات ذات صفات، اسماء باری تعالیٰ اگر چہ بیشمار است در شمار اوست و آنچہ بر روئے زمین، نہال، علمِ کیمیاء اکسیر و سنگ پارس در کوہ، خزائن اللہ غیبی و گنج تصرف، فتوحاتِ علم و ارادات کتب لاریبی اگر چہ بے شمار است در شمار اوست برگ درختاں و برگ دیگر و اسم اعظم و اولیاء اللہ اگر چہ بیشمار است در شمار اوست۔

مرد آنست کہ از قرآن آیات و از کلمہ طیبات و از اسماء اللہ الحسنیٰ متبرکات و از اسمِ اللہ ذات و از اسم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سرورِ کائنات بہ کلیدِ حاضرات در قفل ناظرات در یکدم بکشاید و بر یک قدم مشاہداتِ دولتِ تصرف گنج دنیا فانی و بقا جاودانی و معرفتِ توحید ربانی بنماید۔ اگر ظاہر باطن این دولت و سعادت علمِ قرآن تفسیر و علمِ ولایت با تاثیر و علم غنایت کیمیا اکسیر و علم ہدایت روشن ضمیر و علمِ غنایت فنا فی اللہ فقیر و علم لانہایت بر کونین امیر۔ اگر مرشد کامل روز اول نگرد حاصل و باخدا نشد واصل روندگان از باطنی راہ اللہ تعالیٰ ہمہ گشتہ پریشان خاطر گمراہ۔

ہر کہ این رسالہ را باخلاص بخواند از و ہیچ چیز مخفی و پوشیدہ نماند۔ ہر کہ معمّا علمِ حاضرات داند، ملک سلیمانی در قید او دوام ماند۔

بدانکہ ای جانمن! از حاضرات کنہ تصوّر اسمِ اللہ ذات چہار مراتب کشاید و ہر یک در علم عمل تصرّف در آید۔ اوّل مرتبہ بادشاہی ظل اللہ۔ دوم مرتبہ طیر سیر ہفت زمین و نہ فلک از ماہ تا ماہی ولی اللہ۔ سوئم فنا فی اللہ بقا باللہ عارف اللہ مقرب الٰہی اولیاء اللہ۔ چہارم قطع دلیل آگاہ قربِ جلیل آگاہی عالم باللہ۔ این نیز درجات برکت از علمِ حاضرات است کہ بر کل و جز علم خاتم ختم ابتداء و انتہا و تصوّر اسمِ اللہ ذات کردن تمامیت۔

ہر کہ این قاعدہ قدرت علم قدیر نداند و ہر قدر از علم حاضرات نرساند، ہر آنکس احمق است کہ نام خود را عامل فقیر کامل ولی اللہ خواند۔ این راہِ توفیق است، طریق نیست۔ این راہِ تحقیق است، تفریق نیست۔ این راہِ توحید است، بہ تقلید نیست، این راہ نہ رنج گنج است۔ این راہ دلخواہ است، گمراہ نیست۔ این راہِ مشاہدہ معرفت است، محنت

مجاہدہ نیست۔ این راہ زود ترکہ طالب مرید را علمِ حاضرات بعلم مطالعہ لوحِ محفوظ میرساند بیک نظر و باز گرداند از نفس بدعت قہر۔ این راہ لا یحتاج است محتاج نیست۔ این راہ صوم صلوٰۃ است کہ در رکوع وسجود از اللہ تعالیٰ حیّ قیوم باجواب سوال الہام در تمام۔ باداز وصال نہ زوال ہم نمی آید۔ ازان سَوْفَ تَرَانِیْ راصدا بے زبان۔ قَالَ عَلَیْہِ السَّلَامَ اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ عجب دارم بعضے رَبِّ اَرِنِیْ راند ابار ہا از شوق مردم برائے مسخرات بادشاہ دعوت خواہ وعلمِ دعوت رواں نشود، اگر چہ تمام عمر علمِ اسماء خواند وسر بسنگ زند بادشاہ پسند۔ فقیر عالم باللہ کہ دعوتِ قرآن خواند از برائے اللہ تعالیٰ لا یحتاج نہ احتیاج خلق و نہ احتیاج بادشاہ۔

بیت

ہر کہ باشد پسند خالق پاک
ور نہ باشد پسند خلق چہ باک

علمِ دعوت چنان قرآن خواند آنچہ بر روئے زمین عاملِ صاحبِ دعوت است تمام علمِ دعوت آنہا را بستہ گرداند و اگر کشادہ کند ہیچ کس را قدرت نباشد کہ بستہ گرداند۔ ہر کہ باترتیب یک مرتبہ در حصار در آید بیرون نہ برآید و اگر مرشد کامل در باب طالب توجہ کند، آن توجہ صورت مرشد شود تا روزِ قیامت از طالب جدا نبود و از ہر بلا و آفات نگاہدارد و سلامت۔ اینست مرتبہ استقامت فوق الکرامت مرتبہ محمود کہ صاحبِ تصور اسمِ اللہ ذات را عاقبت محمود گرداند۔ واہلِ بدعت مرتبہ مردود و عاقبت مردود رساند۔ اَلنِّہَایَۃُ ھُوَ الرُّجُوْعُ اِلَی الْبِدَایَۃِ جانبین تَفَکُّرُ السَّاعَۃِ خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَۃِ الثَّقَلَیْنِ۔

علمِ دعوت دل کہ زبان دل قرآن بخواند۔ علمِ دعوت زبان کہ اوّل بر زبان باز بان اسم اعظم از سیاہی کُنْ فَیَکُوْن بنویسد کہ لِسَانُ الْفُقَرَاءِ سَیْفُ الرَّحْمَانِ شود۔ قاتل دعوات بر زبان قلب قرآن خواند کہ قرب اللہ رساند۔ علمِ دعوت بر زبان قدرتِ امر روح زبانی قرآن خواند کہ در مجلس انبیا اللہ و اولیا اللہ روحانی رساند۔

علمِ دعوت بر زبان دم قرآن خواند کہ جواب سوال از حضور آوردہ میرساند۔ علمِ دعوت بر زبان توفیق نور قرآن خواند کہ در وجود از سر تا قدم نور ماند۔ ہر سخن او کہ صاحب نور از قرب حضور۔ علمِ دعوت از زبان نفس قرآن خواند کہ در وجود او ہیچ نفسانیت نفس امارہ نماند۔

علمِ دعوت دم وعلمِ دعوت ساعت وعلمِ دعوت یک شبانروز وعلمِ دعوت ہفتہ وعلمِ دعوت ماہ وعلمِ دعوت سال وعلمِ دعوت ماضی و مستقبل و حال و از دعوت قرب ربانی کہ قرآن می خواند در لاہوت لامکانی۔ آنرا نتوانند گفت غیب دانی کہ باعین العیانی غیب دانی جنونیت وشیطانی وغول بیابانی۔ دیگر این راہ کشف نیست نہ بکرامات برحق فنا فی اللہ ذات مقرب الحق فقیر جامع عالم باللہ عالم منتہی۔

صاحب دعوت علم دعوت سورہ مزمل و دعاء سیفی باترتیب چنانکہ عرش کرسی لوح قلم نہ فلک ہفت طبق زمین را بجنباندکہ ارواح انبیا و اولیا اللہ عبرت خورندوفرشتگان درحیرت بماند۔فقیر عالم باللہ چنان دعوت خواند از آیاتِ قرآن کہ درقید او بماند ہر دو جہان۔این علمِ دعوت است مطالعہ درعلم ساخت کشائندہ ربع مسکون بادشاہی تخت نشاند بر سلیمانے تخت۔این مراتب ابتدای بخش فقیر است۔فقیر یکہ برکونین امیر است،صورت روز وشب سخت۔چنانکہ سنگ پارس،ہر وجود مس آہن کاذب راکہ ہم صحبت شود،زرسرخ گرداند۔وصادقان را بمرتبہ علم تصدیق نصیب رساند صدق۔ قولہ تعالیٰ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا حدیث اَلرَّفِيْقُ ثُمَّ الطَّرِيْقُ کہ دوام طالبان او درحضور باشعور۔برین مرتبہ مشومغرور راہ مردان پیشتر فنادرفنا،بقادربقا،لقادرلقا۔باو باش باحیاترس ازخدا۔فتح ازعلم است،ظاہر عبادات مقامات علمِ باطن من لدنی وارداتِ غیبی فتوحات قرآن کتاب اللہ لاریبی۔ازین سہ قسم نقش بطلب کہ عمل این تماشہ کونین۔

درین مذکور نقش این است تصوّر طریق وتصوّر توفیق وتصوّر تحقیق وتصوّر دریائے عمیق۔



وتصوّر طریق آنست کہ باتصور اسمِ اللہ ذات دردم طاعت ہر دو جہان راطے گرداند بمدِ نظر تماشہ کونین دوام بماند۔ تصوّر تحقیق آنست کہ از اسمِ اللہ ذات خود را بقرب اللہ درتوحید حضور رساند و دوام بمدِ نظر رحمت اللہ منظور ماند۔وتصوّر دریائے عمیق آنست کہ ازتصوّر اسمِ اللہ ذات دردریائے توحید و باز درحیات وممات ازتوحید بیرون نہ برآید و ہفت اندام قلب قالب از توحید کشف نور۔دوام ہم سخن مع اللہ باحضور وخلق میداندکہ باما ہم سخن است۔ہرکہ ازین تصور ثلاثین راہ ندارد،ازطریق تصور طریقت آگاہ ندارد کہ کل وجز مخلوقات،ذات صفات،تجلیات الہام،کلام،نور،حضور،مغفور،بشوق مسرور اللہ،اللہ،اللہ باطن معمور فنا بقا دیدار لقا۔صرف آنچہ صنعت صانع خدا عالم باللہ ازین اسم اللہ تعالیٰ بکشاید وبنماید۔گنج الحرمین شرف الدارین تصرف کونین عین نما و باعین صفا و باعین بقا و باعین فنا باادب باحیا مقرب شدن

باخدا حضوری محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

درین نقش تصور تمام است کہ مشاہدہ ہر دوام است۔ ہر علم علمین کہ در و جملہ علم طے توفیق حاضرات کہ ہر مطالب پیش تو حاضر گرداند وعلم ناظرات بمد نظر اللہ رحمت منظور رساند۔


بیت

از اسم اللہ نقش محمدؐ بجو

آنچہ ماسوی اللہ از دل بشو

کہ ظاہر توفیق است کہ در باطن مجلس محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تحقیق است ازین نقش۔ مذکور این نقش است:

نقش



تصور اسم محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چہار طریق است کہ بخشندہ چہار توفیق۔ اول آنکہ ہر کہ تصور اسم محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بر دل بگیرد و قلب زندہ شود و نفس مطلق بمیرد کہ تصور امیر است مرتبہ فنا فی اسم محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کامل فقیر است۔ دوم آنکہ ہر کہ اسم محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم را در دل آورد، اسم محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم در مجلس محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بر دیافت، شناخت، رسید، دید۔ سوئیم تصور اسم محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر کہ اسم محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم را در تصور خود آورد کل و جز از ان تصور خود ظہور وجود مغفور آیت لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ صاحب تصور انسان باشد نہ صفت حیوان گاؤ خر۔ چہارم آنکہ از تصور اسم محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاضرات حاضر گرداند۔ باعلم ناظرات بنظر رساند کہ در دل باقی آرزو نماند۔ این نقش راہ است کہ روز اول مرتبہ بخشد معرفت بحضوری محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم است کہ علم حضور را گواہ است۔ بجز حضوری دیگر رجوع آوردن گناہ است۔ مرشد یکہ بمنزل بمرتبہ حضور نہ رساند و تلقین از محمدؐ رَسُوْلُ اللّٰہِ نہ دہاند آن مرشد گمراہ و طالبان او روی سیاہ۔

نقش فنا فی الشیخ تصرف و توجہ شیخ و تفکر شیخ۔ ہر کہ را شیخ بنواز د مرتبہ خود بامرتبہ طالب مبدّل سازد۔ شیخ نام حضور است و دوام حضور است۔ حضور کردن طالبان و مریدان آنرا چہ مشکل دور است کہ باطن معمور است۔ مذکور تصور شیخ این است تصور صورت شیخ بخشد گنج کہ لازوال بہر حال۔ ہر کہ صورت شیخ مبدّل گرداند روشن ضمیر شود۔ فنا فی الشیخ بمرتبہ فنا فی

اللہ فقیر رسد کہ رستگار و کم آزار در مستی ہشیار بدست۔ شیخ بمرتبہ ذوالفقار قاتل موذی کفار از بدعت باطل استغفار۔ چون تصور شیخ صورت باصورت یک وجود قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ خواند کہ ہر جا کہ خواہد صورت شیخ طالب مرید راہبر مطالب و بہر منزل مقام رساند۔ درین فنافی الشیخ نخست ،یقین درست بر تلقین اعتبار و بر شیخ جان فدا یار غار غم بردار۔ در ترک توکل جسمی جسم با جسم شیخ ،اسم با اسم ،قلب با قلب شیخ ،دل با دل شیخ ،روح با روح شیخ ،دم با دم شیخ ،قدم با قدم شیخ۔

فَنَا فِی الشَّیْخ

فَنَا فِی الشَّیْخ

چون تصور صورت شیخ در وجود بگرداند صورتِ شیخ در مجلس محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بحضور رساند۔ بدین طریق مرتبہ فنافی الشیخ وإلّا مرتبہ صورت بت پرستی فنافی الشیطان است۔

این نقش فقیر فیض اثر بر نفس قہر صاحب نظر باطن خضر۔ در نظر او برابر است خاک وسیم وزر بلکہ بر نفس امیر۔ ابتدائی مرتبہ فقیر بر زبان علمِ قرآن تفسیر روشن ضمیر فقیر بمطالعہ علمِ فقہ وفقہ رہبر مشاہدہ درجات مذکور۔ این نقش این است:

نقش

فرخ

فقر

فرخ

ہر کہ اسمِ فقر در تصور آوردہ اسم فقر بسلطان الفقر بردہ اَلْفَقْرُ لَا یُحْتَاجُ اِلَّا اِلَی اللہ ہر کہ محتاج است فقیر نبود۔ فیض وفضل فقر روح است ورحمت فقر ولطف فقر وہدایت فقر وولایت فقر وعنایت فقر وبفنا فقر وبقا فقر ورضائے وقضائے فقر

وقدرت فقر وجمعیت، جمال، جلال فقر وعلم فقر وسر اسرار فقر ونور حضور وعقل بالکلی شعور فقر ومالک الملک مقرب ربانی بادشاہی ملک سلیمانی فقر وگنج تصرف در کیمیائے فقر وحیات وممات فقر وعلم درجات فقر ونفس، دم، قلب، روح، دل در محبت سوختہ۔ این مجموعہ جمیع مراتب از تصور اسم فقر بکشاید وبنماید۔ فقر سہ حرف است ''ف۔ق۔ر'' از حرف 'ف' فناء نفس، از حرف 'ق' قہر بر نفس واز حرف 'ر' راضی بر خدا۔ واز حرف 'ف' فخر واز حرف 'ق' قرب واز حرف 'ر' راز۔ این مراتب فقر محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محبت واز حرف 'ف' فضیحت واز حرف 'ق' قہر خدا واز حرف 'ر' رد فقر مکّب نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ فَقْرِ الْمُکِبِ۔

شرح دوم
در علامات پیر کامل ومرشد تمام وملائم آن

بدان اعلم اَیُّھَا الْمُؤْمِنْ کہ طلب حق در متابعت رسول اللہ قولہ تعالیٰ قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ پس ہر کہ غیر متابعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شیخ زادگی خود را رہبر وپیشوا سازد او ضال ومضل است کَمَا قَالَ شیخ جنید (و) شبلی: اِذَا رَأَیْتَ صُوْفِیًّ وَلَمْ یَکُنْ بَیْنَ یَدَیْہِ تَفْسِیْرٌ وَعَلٰی یَمِیْنِہٖ اَحَادِیْثٌ وَعَلٰی شِمَالِہٖ کُتُبُ الْفِقْہِ تَعْلَمْ اِنَّہٗ شَیْطَانٌ وَّمَا صَدَّرَ عَنْہُ مَکْرٌ وَّاِسْتِدْرَاجٌ یعنی ہر گاہ کہ یک افعال واقوال او برخلاف شرعی وفقر محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باشد آن صوفی را شیطان منسوب کردہ واز ان اجتناب تمام باید زیرا کہ جاہل پیر وپیشوا از ان نشاید۔ کما قال اللہ تعالیٰ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجَاھِلِیْنَ قولہ تعالیٰ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ اَنْ اَکُوْنَ مِنَ الْجَاھِلِیْنَ چہ خوش گفت آنکہ گفت۔

بیت

سگ تر شود از بول پاکتر باشد
از آن کسے کہ کند اختلاط با عامی

در تفسیر منیر این آیہ آوردہ است مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۝ بنی شیطان بر دو نوع است شیطان جن کہ مشہور است وشیطان انس شیخ جاہل کہ بدی او در خفی است وبدی شیخ جاہل در ظاہر۔ پس پیر کامل را اوّل اعمال واقوال او بطریق مذکور موزون میباید۔ بعد از ان او را لازم است کہ از چہار علم آگاہ باشد وبعد بجا آوردن این امور پیری او مقید بچہار شرط است۔ اگر این شروط در وموجود باشد پیری را شاید والّا دست بکسے ندہد تا ضال ومضل نگردد۔

اوّل علم تفسیر واحادیث تمام دانستہ باشد یعنی این ناسخ واین منسوخ ومعمول وغیر معمول، ہر از یکدیگر امتیاز میتواند کرد زیرا کہ ایمان آوردن بہ کلام اللہ فرض است وبتمام کلام اللہ عمل فرض نیست۔ وچون درین قدم مستقیم آمدی نفس وشیطان اطوار مکدرہ وطور ہائے نفس ملہمہ بتو پیش آرد۔ چون نقطہ ہائی باران سراب وگرد وغبار وچون گرمائی نصف روز تابستان ناگہان دران میان رنگہائی زشت گوناگون پیدا شود کہ ہمگی دہ ہزار پردہ ہائی نفس وشیطان بتو پیش

آئینہ گاہی باغہائے گوناگون و دختران و جوانان لطیف و جوئہائی لطیف وحور وقصور وعرش و کرسی نباشد۔ دران زمان اگر چیزے نامشروع واز کاہلی از تو در وجود آمدہ باشد عرش و کرسی شیطان بتو روئی نماید۔

پس مرشد کامل اینست کہ از چہار مراتب طریق طریقت سلامتی بگذراند و بہ حقیقت رساند۔ چہار طریق متفق باانا و زندیق این است۔ اوّل طریق کہ بر وصاحبِ طریقت نازل میشود کہ آن محض کشف و کرامات مطلق از نفس انا مغرور، خوشوقت مسرور، از قرب وصال اللہ دورتر۔ اگر چہ در نظرِ خلق ثواب نزدیک خالق حجاب۔ دوم طریق کہ بر صاحبِ طریقت نازل میشود رجوعات خلق وجنونیت، دنیا واہل دنیا در قید و دنبال گردد۔ نزدیک خلق فریادرس ونزدیک خالق خام اہل ہوا و ہوس۔ سوم طریق بر صاحبِ طریقت مسخرات وحوش و طیور ونزدیک خلق طیر سیر ونزدیک خالق در مراتب غیر۔ چہارم طریق بر صاحبِ طریقت نازل میشود سیر و مشاہدہ طبقات مقاماتِ ناسوت جبروت وملکوت۔ نزدیک خلق غوث وقطب ہفتاد ہزار مقامات فوق العرش تا تحت الثریٰ انتہائے مقام طریقت محروم از معرفت وحقیقت اگر چہ از غلبات سکر وصحو خود را عارف حضور خواند از گرمی سکر وصحو دورتر دور ماند۔

پس معلوم شد کہ در شریعت اَلْاِیْمَانُ بَیْنَ الْخَوْفِ وَالرَّجَاء آنچہ غوث وقطب اوتاد و ابدال در آن مقاماتِ کبیرہ وصغیرہ است۔ مقام صغیرہ مشاہدات ہفت طبقات زمین ومقام کبیرہ مشاہدہ نہ ۹ طبقات آسمان وعرش و کرسی ولوح قلم۔ وفقیر عارف باللہ مقام صغیرہ باشد و بدیدن گناہ صغیرہ است ومقام کبیرہ طیر سیر نہ ۹ فلک بدیدن گناہ کبیرہ است۔ بجز حضوری ومشرف مجلس محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غرق توحید معرفتِ الٰہی اِلَّا اللہ آن چشم مباد کہ بجز حضوری مجلس محمدؐ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ومعرفت اِلَّا اللہ دیگر بیند۔

بیت

دیدہ آن باشد کہ بیند عین نور
دیدہ آن باشد بود مجلس حضور

فقیر آنچہ گوید از راہِ حساب گوید نہ از حسد، معرفت الٰہی توحید ومجلس محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آفرین باد بر آن کہ شب و روز در مجلس حضور غرق نور بر دوام باطن تمام ظاہر در مردم عام صاحبِ نظر۔ دہ از باطن بظاہر جز خیلے مشکل و دشوار است ونزد کاملان طرفہ زد۔ در ہر دو حال ایشان ہمیں کار است اللہ بس ماسوی اللہ ہوس۔

اگر کسے از حضرت آدمؑ تا بخاتم النبیین واز خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام تا روز قیامت از برق و باد تیز تر رود ہرگز طناب خیمہ مجلس محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ومعرفتِ الٰہی نتوان رسید راہ دراز لیکن برکت اسم اللہ طرفہ زدمرد است بمقام صاحب راز راہ۔ صاحب تصور اسم اللہ را بر ریاضت طبقات تعلق ندارد کہ آن ذات اسم اللہ انتہائی از اسم اللہ ذات اللہ بس ماسوی اللہ ہوس۔

بعضے طائفہ اند کہ بنظر ناظر مردم را بتوجہ بہ ذکر دم مردم را جانب خود کشند و مسخر کنند۔ این چنین طائفہ دم نوش مثل

ماردور تر از معرفتِ پروردگار۔ وبعضے طائفہ بتفکر و ذکر قلب دل را در شکم بگردانند جانب سینہ بکشند ومیگویند کہ این حبس است دروغی غلط گویند۔ این عبث است کہ حبس حضوری حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذکر جاری گردد احتیاج تقلید تلاش دم بستن نماند۔ وبعضی طائفہ خود را ذاکر قلبی میگوئند دم را بستہ می برآرند بیرون از راہ سوراخ بینی۔ اولیٰ تر آنست کہ روئ این بدمذہب نہ بینی۔ چون دم بستن کار کفار اہلِ زنار ازین طائفہ باید ہزار بار استغفار و معنی حبس اسلام را کن از گناہانِ صغیرہ وکبیرہ واز شرک و بدعت احصار وحبس ایمان و اسلام را بکن یعنی مومن مسلمان شدن بسیار خیلے دشوار است کما قال النبی اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ یَدِہٖ وَلِسَانِہٖ ونہ این معنی است کہ دم حبس و بند کردن گرفتہ مخالف نص وحدیث نیامدہ است بلکہ عبث است رسوم کفار و چون۔ اگر حابسان بدعوئ این آیت مذکور معنی کنند کہ بر نفس امیر شوم بلکہ اسیر نیز غلط وکذب گویند مخالف از معنی آیت قولہ تعالیٰ وَدَخَلَ جَنَّتَہٗ وَھُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِہٖ۔ معنیٰ مذکور چہار طیور است یعنی خروسِ شہوت، مورِ زینت، زاغِ حرص، کبوترِ ہوا۔ چون ایں چہار طیور کشتہ شوند شیطان از نفس جدا شود، صاحبِ نفس بر نفس امیر شود و نفس رنجور در قید آمدہ بمیرد۔ یمیت النفس ویحیی القلب بموجب این آیت کلام ربانی اربع عناصر قولہ تعالیٰ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰھٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی ط قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ط قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ ط قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَۃً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْھُنَّ اِلَیْکَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰی کُلِّ جَبَلٍ مِّنْھُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُھُنَّ یَاْتِیْنَکَ سَعْیًا ط وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ط

بیت

عبث را بگذار ہمدم حبس را
غرق فی التوحید شود عارف خدا

معرفت سیوم دریافتن علم شریعت وعلم طریقت وعلم حقیقت۔ امّا معرفت علم ناسوت انسان شریعت است وعلم ملکوت نفسانی طریقت است وعلم لاہوت رحمانی حقیقت است۔ اما علم ناسوت این جہان است وعلم ملکوت آن جہان است وعلم جبروت قرب آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام است۔ نہ این جہان است ونہ آن جہان است یعنی بانشان است وعلم لاہوت رحمانی اتصال مع اللہ است خود بے نشان است۔ معرفت علم ناسوت استقامت راہ عالمان است معرفت علم ملکوت استقامت راہ زاہدان است ومعرفت علم جبروت استقامت مقام عارفان است وحقیقت لاہوت استقامت راہ عاشقان است۔ امّا معرفت ملکوت ارباب بصائر مختصر ہمتاں اوست وقاصر دیدگان از گفتن لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ زبان راست قال النبی رَاَیْتُ رَبِّیْ بِعَیْنِ رَبِّیْ فِیْ قَلْبِیْ اَحْسَنَ صُوْرَۃٍ اما آنش لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ برسی اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ○

اے عزیز لَآ اِلٰہَ ترک نفی بتاں است او اثبات اِلَّا اللہ معرفت حق است برحق تعالیٰ است۔

تمت بالخیر

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی تصانیف

رسالہ روحی شریف	350روپے
ابیاتِ باھُو کامل	1400روپے
عین الفقر	1000روپے
امیر الکونین	1000روپے
عقلِ بیدار	850روپے
کلید التوحید (کلاں)	900روپے
کلید التوحید (خورد)	340روپے
نور الہدیٰ (کلاں)	800روپے
نور الہدیٰ (خورد)	220روپے
محکم الفقرا	350روپے
عین العارفین	220روپے
گنجِ دین	320روپے
تیغِ برہنہ	340روپے
کشف الاسرار	180روپے
گنج الاسرار	180روپے
سلطان الوھم	400روپے
شمس العارفین	400روپے
قربِ دیدار	550روپے
تلمیذ الرحمٰن	200روپے
محبت الاسرار	350روپے


www.sultan-ul-faqr-publications.com

کشف الاسرار (اردو ترجمہ معنی فارسی متن)

تصنیفِ لطیف سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ

کشف الاسرار سلطان العارفین برُہان الواصلین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کے علمِ لدنی مکاشفات اور تجلیاتِ انوارِ ذاتی کا وہ الہامی مجموعہ ہے جس کے متعلق آپ رحمتہ اللہ علیہ کا فرمان ہے کہ میں نے یہ کتاب اللہ کے حکم، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اجازت اور باطنی ارشاد کے مطابق تصنیف فرمائی ہے۔

اس مختصر کتاب میں آپ رحمتہ اللہ علیہ نے اسمِ اللہ ذات اور اسمِ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تصور سے ظلِ اللہ بادشاہ (مرشد کامل اکمل جامع نورالہدیٰ) کی صورت کا حصول اور اس کے توسط سے مجلسِ محمدیؐ اور معرفتِ حق تعالیٰ تک رسائی، سورۃ المزمل کے ذریعہ علمِ دعوت کا طریقہ کار، مقاصد، شرائط، علمِ دعوت رواں نہ ہونے کی وجوہات، تصورِ شیخ کے اثرات سے روشن ضمیری، یقین برمرشد اور فنافی اللہ فقیر کے مراتب کا حصول، تصورِ اسمِ فقر سے سلطان الفقر تک رسائی، مراتب و درجاتِ فقر، مرشد کامل و مرشد ناقص کی پہچان کی علامات، متابعت و اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بغیر صرف شیخ زادہ ہونے کی بنیاد پر تلقین و ارشاد کی مذمت، ظاہری کشف و کرامات، رجوعاتِ خلق، چرند و پرند پر تصرف اور عالمِ خلق کے مقامات جیسے طریقت کے پُرفریب مقامات کا بیان، ذکرِ دم اور حبسِ دم کی مذمت اور ایسے لوگوں کی اتباع سے ممانعت، علمِ شریعت، علمِ طریقت اور علمِ حقیقت جیسے موضوعات کو اپنی وارداتِ غیبی اور فتوحاتِ لاریبی کے ذریعہ طالبانِ مولیٰ کے لیے بطورِ تلقین و ارشاد بیان فرمایا ہے۔ آپؒ یہ فرماتے ہیں جو طالبِ مولیٰ اس کتاب کو اخلاص سے پڑھے گا اس سے کوئی چیز مخفی اور پوشیدہ نہیں رہے گی۔



سلطان الفقر پبلیکیشنز (رجسٹرڈ) لاہور

سلطان الفقر (رجسٹرڈ) پبلیکیشنز

مسجد زہراؓ و خانقاہ سلطان العاشقین

رنگیل پور شریف براستہ سندر اڈہ ملتان روڈ لاہور، پوسٹل کوڈ 53720

Cell: +92 322 4722766 , +92 323 5436600

ISBN: 978-969-2220-46-0

Rs. 300

www.sultan-ul-ashiqeen.com
www.sultan-ul-ashiqeen.pk
www.sultan-bahoo.com
www.sultan-bahoo.pk
www.sultan-ul-faqr-publications.com
E-mail: sultanulfaqrpublications@tehreekdawatefaqr.com